★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 9 شوال 1446ھ، 8 اپریل 2025ء 24 چیت 2081ب | 12 صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 156

ٹرمپ ٹیرف کے اثرات

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں شدید مندی انڈیکس میں 3882 پوائنٹس کی بڑی کمی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کئی ممالک پر نئے ٹیرف عائد کیے جانے کے بعد خود امریکا سمیت ایشیا اور خلیجی ملکوں کی اسٹاک مارکیٹ پر منفی اثرات نمایاں ہو رہے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں شدید مندی کا رجحان ہے، جس کی وجہ سے کاروبار بند کرتے ہوئے آؤٹ اسٹینڈنگ سودے منسوخ کردیے گئے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کئی ممالک پر نئے ٹیرف عائد کیے جانے کے بعد (بقیہ نمبر 3 4)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات، اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فورسز کا ڈی آئی خان آپریشن انتہائی مطلوب خوارج سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، ہلاک ہونے والوں میں ایک انتہائی مطلوب خارجی سرغنہ شیر عین بھی شامل تھا، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمت میں خاطر خواہ کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کا طریقہ کار وضع کر رہے ہیں، کوشش ہے کہ موجودہ



وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم ہلی پرویز ملک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سیاست کو کھیلوں سے الگ رکھنا چاہیے، عطا تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات نہیں ہیں، سیاست کو کھیلوں سے الگ رکھنا چاہیے۔ کھیلوں سے متعلق تقریب میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 6 1)

صحت مند سرگرمیوں کا مزید انعقاد ہونا چاہیے، وفاقی وزیر اطلاعات کا میڈیا سے گفتگو

لاہور (نیوز گرافک ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی لندن روانگی کے شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی، نواز شریف لندن

نواز شریف کے لندن روانگی کے شیڈول میں تبدیلی

وزیراعظم کے ہمراہ 9 اپریل کو بیلاروس جائیں گے



نواز شریف صدر بیلاروس کی خصوصی دعوت پر دورہ کریں گے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی بیلا روس کا دورہ کریں گی

مریم نواز شریف بیلا روس کے دورے کے بعد وطن واپس آجائیں گی

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بھی بیلاروس کا دورہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے سے قبل بیلا روس کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف وزیر اعظم شہباز شریف کے ہمراہ (بقیہ نمبر 6 0)

وزیراعظم کوشش ہے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ اور عوام کو پہنچے

وزیر اعظم

وزیراعظم نے اقتصادی رابطہ کمیٹی سمیت 4 کابینہ کمیٹیوں کی تشکیل نو کردی، تمام کمیٹیوں کے چیئرمین برقرار، وزرا کے پورٹ فولیو میں ردو بدل کے باعث کمیٹیوں میں تبدیلیاں

شہباز شریف نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں اوسطاً ساڑھے 7 روپے فی یونٹ کمی کی گئی ہے، یہ ایک بڑا ریلیف ہے جو گھریلو اور صنعتی صارفین کو فراہم کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کا طریقہ کار وضع کر رہے ہیں، کوشش ہے کہ موجودہ تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ معیشت اور عوام کو پہنچے۔ میری ہوم سیکرٹری (بقیہ نمبر 7 2)

اسلام آباد (نیوز گرافک ڈیسک) وزیراعظم نے اہم فیصلہ کرتے ہوئے 4 کابینہ کمیٹیوں کی تشکیل نو کردی، تمام کمیٹیوں کے چیئرمین برقرار، وزرا کے کابینہ میں توسیع اور قلمدانوں میں ردوبدل کے بعد پورٹ فولیو میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ (بقیہ نمبر 7 1)

وزیراعلیٰ مریم نواز مختلف شہروں کیلئے الیکٹرک بسیں چلانے پر اربوں روپے کی لاگت کی 1500 الیکٹرک بسوں کی منظوری دیدی

مریم نواز کا پہلے مرحلے میں 380 الیکٹرک بسوں کی خریداری کا عمل جلد مکمل کرنے کا حکم، الیکٹرک بسوں کے چارجنگ سٹیشن قائم کرنے کا پلان طلب

لاہور (چیف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے کے مختلف شہروں کے لئے 1500 الیکٹرک بسیں چلانے کی اصولی منظوری دے دی، پنجاب کے دور دراز پسماندہ شہروں میں مرحلہ وار الیکٹرک بسوں پر مشتمل ٹرانسپورٹ سسٹم شروع کیا جائیگا (بقیہ نمبر 6 4)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

غزہ سے 19 لاکھ فلسطینیوں کو جبری طور پر بے دخل کیا گیا، امارود

اقوام متحدہ (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے فلسطینی مہاجرین (انروا) نے اعلان کیا ہے کہ تقریباً 19 لاکھ باشندوں کو جن (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی معذوری کی بازیابی کے آپریشن میں زخمی سب انسپکٹر شہید

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی سے اغوا ہونے والے معذوری کی بازیابی کے لیے صوابی میں آپریشن کے دوران زخمی سب (بقیہ نمبر 5 2)

ڈیڈ لائن ختم ہونے پر 20 ہزار غیر قانونی افغان مہاجرین کو واپس بھیج دیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) طورخم بارڈر سے غیر قانونی افغان مہاجرین کو افغانستان بھجوانے کا سلسلہ مزید تیز ہوگیا، یکم اپریل سے (بقیہ نمبر 3 8)

وزیراعظم کا چوہدری ارشد کے انتقال پر گہرے افسوس اور رنج کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے رکن صوبائی اسمبلی پنجاب، چوہدری ارشد جاوید ڈراچ کے انتقال پر گہرے (بقیہ نمبر 3 9)

غزہ (نیوز ڈیسک) اسرائیلی فوج کے ہیلی کاپٹر سے فائرنگ سے 9 فلسطینی شہید، 30 زخمی

مصنوعہ کا سیاپی سے جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کی طرف (بقیہ نمبر 3 7)



ازبکستان کے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ازبکستان کے صدر شوکت مرزیوف سے ملاقات کرتے ہوئے

ہائیکورٹ کے اختیارات میں مداخلت نہیں کرنا چاہتے، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کو کیا گیا 22 لاکھ روپے کا جرمانہ برقرار

کورٹ کا فیصلہ پراسیکیوٹر جنرل اور اے ٹی سی جج کے کیریئر پر اثر انداز نہیں ہوگا

چیف جسٹس ہائی کورٹ نے پورا صوبہ چلانا ہوتا ہے، چیف جسٹس

کیس میں اے ٹی سی راولپنڈی کے جج سے مقدمات منتقلی کی اپیلیں نمٹا دیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے 9 مئی کے حوالے سے لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کو کیا گیا 22 لاکھ روپے کا جرمانہ برقرار رکھا ہے (بقیہ نمبر 4 1)

قوم کو سیکیورٹی فورسز کی جرات، قربانی اور صلاحیتوں پر فخر

سردار ایاز صادق کا مایاب انٹیلی جنس ہیڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بخوارجی دہشتگردوں کیخلاف سیکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم قابل تحسین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مٹھاڑو ڈیرہ اسماعیل خان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے 9 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں (بقیہ نمبر 4 0)



وفاقی وزیر برائے بحری امور، جنید انور چوہدری، ڈینش سفیر جیک لنٹولف سے بات چیت کر رہے ہیں

نواز شریف کا پنجاب میں سیاسی سرگرمیاں شروع کرنے کا فیصلہ

لندن سے واپسی کے بعد روزانہ کی بنیاد پر باقاعدہ پارٹی معاملات چلائیں گے

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر سابق وزیراعظم نواز شریف نے پنجاب میں سیاسی سرگرمیاں شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا، اب پارٹی معاملات کو چلانے کے لیے باقاعدہ دفتر میں بیٹھیں گے۔ فی پی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ نواز شریف نے (بقیہ نمبر 6 6)



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق لیڈی ولنگٹن ہسپتال کی نئی عمارت کی سائٹ پر اظہر ان کے ہمراہ بریفنگ لے رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان کا مسئلہ فلسطین پر حکمت عملی کا اعلان

اسلامی دنیا کے حکمرانوں! تمہیں کیا ہوگیا؟ وقت ہے کہ سنجیدہ کرامت مسلمہ کی آواز بن جائے، مولانا فضل الرحمان نے 10 اپریل کو تمام مکاتب فکر کا مشترکہ کنونشن طلب کرلیا

پشاور (بیورو رپورٹ) سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے مسئلہ فلسطین پر حکمت عملی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلامی (بقیہ نمبر 6 2)

نیکٹا بورڈ آف گورنرز اجلاس

نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کیلئے نیا ادارہ تشکیل قائم

تمام سفارشات کی منظوری، تمام صوبائی وزارالکومتوں میں بھی ادارے کا قیام عمل میں لایا جائے گا، محسن نقوی

دہشت گردی کے مکمل سدباب کے لیے انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر قائم کیا گیا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت نیکٹا بورڈ آف گورنرز کا اجلاس ہوا، جس میں نیکٹا کے تحت قائم ادارے نیشنل انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسیسمنٹ سینٹر (نیکٹا) کی سفارش دی گئی۔ اجلاس میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے بھی



گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان آل پاکستان بے نظیر گرلز سپورٹ پروگرام، پاکستان ریلوے ایتھلیٹکس فیڈریشن اور آفیسر ز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام صدر اور وزیراعظم پاکستان کی طلائی برداری کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

افغان مہاجرین کی نشاندہی کیلئے وزیر داخلہ کی ہیلپ لائن قائم

2772 سے زائد گرفتار غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو ہولڈنگ سینٹرز پہنچا دیا گیا

لاہور (خبر نگار) غیر قانونی مقیم تارکین کے اخراج کے عمل پر باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے۔ عرب ملک سے آنے والے 1336 افراد کو ہفتہ کے روز ان کے ملک بھیج دیا گیا جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران 2772 سے زائد غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو ہولڈنگ سینٹرز پہنچایا گیا۔ آ (بقیہ نمبر 5 1)

کراچی میں میٹرک کے امتحانات کا (آج) سے آغاز، طلبا کا بھرپور ردعمل سامنے آیا

کراچی (بیورو رپورٹ) شہر قائد میں میٹرک کے امتحانات کا آغاز آج (منگل) سے ہوگا، پیپر ز بورڈ کے مطابق امتحانی مراکز (بقیہ نمبر 5 7)

شراب، اسلحہ برآمدگی کیس، علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے (بقیہ نمبر 5 0)

ایکس کی بندش کے خلاف درخواستوں پر ساعت (آج) ہوگی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں ایکس کی بندش کے خلاف درخواستوں پر ساعت آج (منگل) کو ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کی سربراہی میں تین (بقیہ نمبر 4 9)

غزہ سے راکٹ داغے جانے کے بعد نیتن یاہو کا سخت کارروائی کا حکم

غزہ (نیوز ڈیسک) حماس کے عسکری ونگ القسام بریگیڈ کی طرف سے اشدود اور عسقلان شہروں پر راکٹوں سے بمباری کے اعلان کے بعد اسرائیل نے فلسطینی تحریک کے خلاف (بقیہ نمبر 4 8)

قومی اسمبلی کے اجلاس میں ایم کیو ایم کے 3 ارکان کی رکنیت معطل

ایوان کے تقدس کو پامال کرنے پر 3 ارکان کی رکنیت 30 روز کیلئے معطل

اسپیکر ایاز صادق نے ایم کیو ایم کے 3 ارکان کی رکنیت معطل کرنے کا اعلان کیا، ایم کیو ایم کے ارکان نے ایوان میں نعرے لگائے، ایوان کے تقدس کو پامال کرنے پر 3 ارکان کی رکنیت 30 روز کیلئے معطل



القسام کی اسرائیل پر راکٹ باری، تین اسرائیلی زخمی

اسرائیلی 4 مقامات پر کام کر رہا تھا جہاں میزائل کے ٹکڑے گرے، ایمبولینس سروس حماس ایب (نیوز ڈیسک) اسرائیلی فوج کے ترجمان روک لیا گیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق غزہ سے نے اعلان کیا ہے کہ غزہ کی پٹی سے تقریباً 10 فائر کیے گئے میزائلوں کی وجہ سے جنوبی اسرائیل راکٹ گولے داغے گئے اور ان میں سے زیادہ تر کو (بقیہ نمبر 4 7)

وزیراعظم کی جدید ٹیکسز کی تصیب کا عمل تیز کرنے کی ہدایت

ٹیکس فورس کی کاوشوں سے بجلی کے نرخوں میں حالیہ کمی ممکن ہوئی

کنٹینرز کی موجودگی کے دورانیے کو کم سے کم کرنے کے لیے لائحہ عمل بنایا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی بحران کو موثر انداز میں نشانہ بنانے پر زور دیا اور جدید ٹیکسز کی تصیب کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پیر کو وزیراعظم آفس (بقیہ نمبر 70)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نظر بندی قانون، جسٹس خالد اسحاق کی کیس سننے سے معذرت

معزز جج صاحب 27 اے کے نوٹس کے تحت رپورٹ فائل کرچکے، جسٹس فاروق

لاہور (کورٹ رپورٹر) نظر بندی قانون کے سیکشن تین کے خلاف درخواستوں کی سماعت کے لیے لاہور ہائیکورٹ کا پانچ رکنی بنچ تشکیل ہوگیا۔ چیف جسٹس من مالیہ نیلم کی سربراہی میں پانچ رکنی بنچ نے نظر بندی قانون پس کی سماعت کی، پانچ رکنی بنچ کے ممبر جسٹس خالد اسحاق (بقیہ نمبر 3 6)

35 دنوں سے جاری نا کہ بندی، خوراک کے بحران میں شدت

شیر خواروں کے لیے دودھ کی فراہمی بھی چیلنج بن گئی ہے، یونیسف کا بیان

نوٹس جاری

نمبر دسمبر میں اسٹارلنک کی سروسز پاکستان میں دستیاب ہوں گی

سیٹلائٹ انٹرنیٹ ایک نئی ٹیکنالوجی ہے اس کے مختلف پہلو دیکھنے والے تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ کا کہنا ہے کہ اسٹار لنک کا انٹرنیٹ پکر گلتے کے بعد دسمبر دسمبر میں اس کی سروس دستیاب ہوں گی، نومبر دسمبر میں اسٹارلنک کے (بقیہ نمبر 7 6)



لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی، ریلوے ہیڈ کوارٹر میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین پی پی بلاول بھٹو زرداری دبئی روانہ 10 دن بیرون ملک قیام کریں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری دبئی روانہ ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری 10 (بقیہ نمبر 42)

پاکستان ریلوے کے 80 ملازمین کو نوکریوں سے فارغ کر دیا گیا

لاہور (خبر نگار) پاکستان ریلوے کے ذیلی ادارے شہید پاکس سے 80 ملازمین کو نوکریوں سے فارغ کر دیا گیا۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 6 5)

امریکا کے ساتھ براہ راست مذاکرات نہیں کریں گے، ایران

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ براہ راست مذاکرات کبھی نہیں کریں گے (بقیہ نمبر 5 6)

بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے ذریعے خطے میں یگانگت، اتحاد اور امن کو فروغ دیا جاسکتا ہے، وزیر مذہبی امور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے ذریعے خطے میں یگانگت، اتحاد اور امن کو فروغ دیا جا (بقیہ نمبر 6 3)

خالصہ جنم دن پر 7 ہزار بھارتی سکھ یاتریوں کی پاکستان آمد متوقع

درخواست کی گئی ہے زیادہ سے زیادہ سکھ یاتریوں کو ویزے جاری کیے جائیں

لاہور (چیف رپورٹر) سکھوں کے مذہبی تہوار سماجی میلہ اور خالصہ جنم دن پر روان سال بھارت سے پاک اٹاری بارڈر کے ذریعے 326 دیں سالگرہ اور سماجی میلہ منانے کے لیے 3 ہزار سکھ یاتری بھارت سے (بقیہ نمبر 4 3)

سماجی فیسٹیول 10 سے 19 اپریل تک منایا جائے گا، دنیا بھر سے 30 ہزار سکھ یاتری شرکت کریں گے

تمام گوردواروں اور قیام گاہوں پر واک تھرو گیٹس، سی سی ٹی وی کیمرے، تین درجاتی سیکیورٹی انتظامات تعلیمی بنائے گی ہدایت

لاہور (نمائندہ خصوصی) محکمہ داخلہ پنجاب نے سماجی فیسٹیول 10 سے 19 اپریل تک منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سماجی فیسٹیول 10 سے 19 اپریل تک منایا جائے گا جس میں دنیا بھر اور پاکستان سے 30 ہزار سکھ یاتری شرکت کریں گے۔ اس دوران بھارت سے 3 ہزار سکھ یاتری سماجی فیسٹیول کیلئے پاکستان آئیں گے۔ محکمہ (بقیہ نمبر 44)



اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت، جام کمال خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کی آمد کے موقع پر ٹریفک کے متبادل انتظامات کیلئے قواعد ضوابط جاری

چیئرمین سینیٹ کی آمد کے موقع پر ٹریفک کے متبادل انتظامات کیلئے قواعد ضوابط جاری

اسپیس بورڈ نے اسٹار لنک کو عارضی لائسنس دیدیا

اسٹارلنک کو مکمل لائسنس ان کی ریگولیشنز فائنل ہونے کے بعد دیا جائے گا، ذرائع

چیئرمین کمیٹی کا کراچی میں موبائل سگنلز کے مسائل پر اظہار برہمی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کو آگاہ کیا ہے کہ اسپیس بورڈ نے اسٹارلنک کو عارضی لائسنس دیدیا ہے، اسٹارلنک کو مکمل لائسنس ان کی ریگولیشنز فائنل ہونے کے بعد (بقیہ نمبر 68)

امریکی صدر ٹیرف نفاذ پر ڈٹ گئے

چین کیساتھ تجارتی خسارہ حل کرنے تک ڈیل نہیں کرونگا، ٹرمپ

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹیرف کے نفاذ پر ڈٹ گئے۔ ٹیرفس نیوز سان ادارے کے مطابق عالمی اسٹاک مارکیٹس میں بھونچال کے سوال پر بولے کبھی بھی کمزور آپ کو دوائی بھی لینی ہوتی ہے، جب تک چین کے ساتھ تجارتی خسارہ حل نہیں کریں گے، وہ نہیں کریں گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا میں کانگریس ٹائیایئر ہے، ٹیرف پر یورپی (بقیہ نمبر 45)

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد ریاض
سٹی نیوز



ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا ریونڈ اجتماع کے انتظامات کے حوالے سے اجتماع گاہ کا دورہ کر رہے ہیں

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا فیلڈ میں متحرک، ریونڈ اجتماع گاہ میں انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے دورہ

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی ریونڈ اجتماع گاہ منتظمین سے ملاقات، انتظامی امور و دیگر صورتحال پر تبادلہ خیال

ریونڈ اجتماع میں انتظامات کی بہتری میں ضلعی انتظامیہ لاہور کی بھرپور کاوشیں شامل ہیں، منتظمین

کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لئے ہیلتھ سٹاف، ریسکیو 1122 الرٹ رہیں گے: سید موسیٰ رضا



لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لئے ہیلتھ سٹاف، ریسکیو 1122 الرٹ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس وسٹی ٹریفک پولیس سیکیورٹی سے متعلق تمام تر ضروری اقدامات کو اٹھانے کے لئے متحرک رہیں گے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ تمام آلائیڈ محکمے ریونڈ اجتماع پر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے مکمل تعاون میں رہیں گے۔

ہر ممکن معاونت کی جائے گی منتظمین کو یقین دہانی کرائی گئی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ ریونڈ اجتماع گاہ اور روٹ پر صفائی اقدامات کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے ٹیمیں ڈیوٹی پر ہمہ وقت مامور ہیں، ڈی سی

لاہور پولیس کی کارروائیاں، 3099 منشیات فروش گرفتار

لاہور (سٹی رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر نگرانی لاہور پولیس کی جانب سے انسداد منشیات ٹیکلی جنس بیسڈ آپریشنز میں تیزی لائی گئی۔ اس ضمن میں رواں سال منشیات فروشی کے خلاف کارروائیوں میں 3 ہزار 99 ملزمان کو گرفتار کر کے 3 ہزار 36 مقدمات کا اندراج کیا گیا یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے جاری اپنے بیان میں کہی۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2157 کلو چرس، 207 کلو افیون، 184 کلو آئس، 127 کلو ہیروئین اور 18 ہزار سے زائد لٹر شراب برآمد کی گئی۔ سٹی ڈویژن میں منشیات کے 574، کینٹ میں 693، سول لائنز میں 330، صدر میں 487، اقبال ٹاؤن میں 427 اور ماڈل ٹاؤن میں 588 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ منشیات کی آن لائن سپلائی اور استعمال کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشنز میں تیزی لائی جائے۔ سی سی پی او نے تعلیمی اداروں اور ہاسٹلز کے گردونواح میں روزانہ کی بنیاد پر سرچ و کومبنگ آپریشنز جاری رکھنے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ انسداد منشیات کیلئے متعلقہ اداروں ک ساتھ انفارمیشن شیئرنگ اور باہمی تعاون کو یقینی بنایا جائے۔ منشیات کی سپلائی چین میں ملوث ملزمان کو قانون کی گرفت میں لا کر قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں۔

چین کا امریکی کاروباری اداروں کے ساتھ کھلے پن کے عزم کا اعادہ

نائب وزیر تجارت اور نائب چینی بین الاقوامی تجارتی نمائندے لنگ جی نے اجلاس کی صدارت کی

بیجنگ (شہنوا) چینی وزارت تجارت نے امریکی سرمایہ کار اداروں کے ساتھ ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جس میں عالمی تجارتی تناؤ کے دوران اصلاحات اور کھلے پن کے لئے ملک کا عزم دہرایا گیا۔ نائب وزیر تجارت اور نائب چینی بین الاقوامی تجارتی نمائندے لنگ جی نے اجلاس کی صدارت کی جس میں ٹیسلا، جی ای ہیلتھ کیئر اور میڈ ٹرونک سمیت 20 سے زائد امریکی اداروں کے نمائندے شریک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی غیر یقینی صورتحال سے قطع نظر چین اصلاحات اور کھلے پن کی طرف ثابت قدمی سے گامزن ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ کثیر الجہتی دنیا کو درپیش مسائل کا ناگزیر حل ہے اور بیرونی دنیا کے لئے چین کا دروازہ مزید وسیع تر ہوگا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے سے متعلق چین کی پالیسیاں نہ تو بدلی ہیں اور نہ ہی اس میں کوئی ردوبدل ہوگا۔ لنگ کا کہنا تھا کہ وزارت چین میں امریکی اداروں سمیت غیر ملکی کاروباری اداروں کے جائز حقوق اور مفادات کا تحفظ جاری رکھے گی اور ان کے خدشات فعال طریقے سے دور کئے جائیں گے۔ یہ گول میز کانفرنس تجارتی تناؤ کے نئے دور کے تناظر میں ہوئی کیونکہ حال ہی میں امریکہ نے چین سمیت تجارتی شراکت داروں پر ٹیکسوں میں اضافہ کیا ہے۔ لنگ نے اس اقدام کی مذمت کرتے ہوئے اسے قواعد پر مبنی کثیر الجہتی تجارتی نظام کے لئے ایک سنگین دھچکا اور دیگر ممالک کے جائز حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا۔

چین نے انٹارکٹیکا میں نئی ریڈیو ٹیلی سکوپ نصب کر دی

اس ٹیلی سکوپ کا 3 اپریل کو انٹارکٹیکا میں ملک کے زونگ شان اسٹیشن پر باضابطہ طور پر آغاز کیا گیا

وہان (شہنوا) چین نے انٹارکٹیکا کے ایک سائنسی تحقیقی اسٹیشن پر 2.3 میٹر پرچر کی ریڈیو ملی میٹر ویو ٹیلی سکوپ تھری گورجز انٹارکٹک آئی نصب کر دی ہے۔ اس ٹیلی سکوپ کا 3 اپریل کو انٹارکٹیکا میں ملک کے زونگ شان اسٹیشن پر باضابطہ طور پر آغاز کیا گیا جسے چائنہ تھری گورجز یونیورسٹی (سی ٹی جی یو) اور شنگھائی نارمل یونیورسٹی (ایس ایچ این یو) نے مشترکہ طور پر تیار کیا ہے۔ اس ٹیلی سکوپ نے انٹارکٹک فلکیات میں چین کی پیشرفت کو مزید مستحکم کیا ہے۔ سی ٹی جی یو نے پیر کے روز شہنوا کو بتایا کہ تھری گورجز انٹارکٹک آئی نے باضابطہ طور پر کہکشاں کی نیوٹرل ہائیڈروجن اور امونیا مالیکیولر اسپیکٹرل لائنز کے سائنسی مشاہدات شروع کر دیے جو ستاروں کے درمیان گیس کی حرکیات اور ستاروں کی تشکیل کے عمل کو جاننے میں مدد کے لئے اہم مواد فراہم کرتے ہیں۔ ایس ایچ این یو کے ایسوسی ایٹ پروفیسر اور برائٹ مین میں کام کرنے والے چینی انٹارکٹک مہم کی ٹیم کے ایک رکن ژانگ لی کا کہنا تھا کہ اس ٹیلی سکوپ نے انٹارکٹک رصدگاہ کی تعمیر میں اہم ٹیکنالوجی رکاوٹیں دور کرتے ہوئے انٹارکٹیکا میں مستقبل کی سب ملی میٹر ویو ٹیلی سکوپس کی بنیاد رکھی۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا گلبرگ سکیم کے مختلف بلاکس کا دورہ

سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل کے تحت گلبرگ سکیم کے مختلف بلاکس میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق



ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سرسید روڈ، حالی روڈ اور محمود قصوری روڈ کا بھی دورہ کیا

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز گلبرگ سکیم کے مختلف بلاکس کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سی ون، ڈی ون اور ایل بلاک گلبرگ میں جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل کے تحت گلبرگ سکیم کے مختلف بلاکس میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ گلبرگ سکیم کے اہم کمرشل کوریڈورز کو بھی سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل کے تحت جلد بہتر کیا جائے گا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سرسید روڈ، حالی روڈ اور محمود قصوری روڈ کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر کنٹریکٹرز، ایل ڈی اے اور عیپاک کے متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

کلین مشن جاری/تحصیل ریونڈ کے مختلف مقامات کے دورے

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے شریف میڈیکل سٹی روڈ پر صفائی اقدامات کا تفصیلی جائزہ

لاہور (خبر نگار) کلین مشن کے حوالے سے تحصیل ریونڈ کے مختلف مقامات کے دورے کیے گئے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے شریف میڈیکل سٹی روڈ پر صفائی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ بی ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر ریونڈ و دیگر بھی ڈی سی لاہور کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی حکام روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ ورکرز کی سخت مانیٹرنگ جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی میکانزم پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے اور صفائی معاملے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ گلی محلوں و سڑکوں پر صفائی نظام معمولات زندگی شروع ہونے سے قبل بہتر بنایا جائے اور بھری آلودگی کا باعث بننے والے عوامل (بینرز، پوسٹرز و فلیکسز) فی الفور اتروائے جائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ دکانوں کے باہر، سڑک کنارے، سروس لین پر ہرگز تجاوزات قائم نہ ہونے دی جائیں اور خلاف ورزی پر سخت ایکشن لیا جائے اور گرفتاریاں و جرمانے عائد کئے جائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ جھگیوں و مویشیوں کے انخلاء پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، فی الفور کلیئر کروائیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کلین مشن کی تکمیل کے لئے کوشاں ہیں۔

روسی فوجیوں نے یوکرین کے علاقہ سومی کے ایک گاؤں پر قبضہ کر لیا، وزارت دفاع

ماسکو (شہنوا) روسی فوجیوں نے یوکرین کے خطہ سومی میں جاری جارحانہ کارروائیوں کے دوران باسووکا گاؤں پر قبضہ کر لیا ہے۔ روسی وزارت دفاع نے اپنے ٹیلی گرام چینل پر کہا ہے کہ باسووکا کے علاوہ روسی افواج نے کرسک خطے میں گورنال، گیوو اور اولیشیا کے آس پاس یوکرین کے مشینی ہتھیاروں، ٹینک اور فضائی حملہ آور بریگیڈ کے ساتھ ساتھ ایک علاقائی دفاعی یونٹ کو بھی نشانہ بنایا۔ وزارت نے کہا کہ توپ خانے سے کی جانے والی کارروائیوں میں یوکرین کے اہلکاروں اور فوجی ساز وسامان کو متعدد مقامات پر نشانہ بنایا گیا جن میں کرسک خطے میں گورنال، گیوو اور اولیشیا کے علاوہ باسووکا اور سومی خطے کی دیگر بستیاں شامل ہیں۔ وزارت دفاع کے مطابق روسی فوجیوں نے کارروائیوں کے دوران 2 بکتر بند لڑاکا گاڑیاں، 12 گاڑیاں، 3 ڈرون کمانڈ چوکیاں اور گولہ بارود کا ایک ڈپو تباہ کر دیا۔

واسا متحرک: لاہور ڈیویلپمنٹ پروگرام پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس

غیر سنجیدہ اور سستی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایم ڈی واسا

لاہور (صابر غوری) حکومت پنجاب کے وژن اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے ترقیاتی ایجنڈے کی روشنی میں واسا لاہور شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں ایم ڈی واسا لاہور غفران احمد کی زیر صدارت لاہور



ڈیویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ڈائریکٹر آپریشنز اور ایکسیئنز نے ویبنار کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام ٹاؤن ڈائریکٹرز نے ایم ڈی واسا کو لاہور ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ایم ڈی واسا نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ لاہور ڈیویلپمنٹ پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب کے خوابوں کی تعبیر ہے، جس کی تکمیل میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کارکردگی نہ دکھانے والے افسران پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غیر سنجیدگی اور سستی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایم ڈی واسا نے ہدایات دیں کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں اور منصوبوں کی سائیٹس پر مکمل حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ مزدوروں اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہو۔ علاوہ ازیں فیلڈ اسٹاف کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کی جائے اور ہر سطح پر جوابدہی کو یقینی بنایا جائے۔ ایم ڈی واسا نے واضح کیا کہ جاری منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کوالٹی کنٹرول پر خصوصی توجہ دی جائے اور مزید برآں عوامی شکایات کا فوری اور مؤثر ازالہ کیا جائے۔ ایم ڈی واسا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ واسا لاہور شہریوں کو صاف پانی، نکاسی آب اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے اور عوامی خدمت ادارے کی اولین ترجیح ہے۔

ضلعی انتظامیہ لاہور گراں فروشی کے خلاف متحرک/ بلاتفریق کارروائیاں جاری

لاہور: برائلر گوشت کی قیمتوں کی کڑی نگرانی جاری، ڈی سی لاہور

لاہور (خبر نگار) ضلعی انتظامیہ لاہور گراں فروشی کے خلاف متحرک ہے اور بلا تفریق کارروائیاں جاری رکھیں ہوئی ہیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ برائلر گوشت کی قیمتوں کی کڑی نگرانی جاری ہے اور گوشت فروشوں کو اوور چارجنگ کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی سی لاہور نے کہا کہ چکن زائد قیمتوں پر فروخت نہ ہو کنٹرول کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں میں چکن زائد قیمتوں پر فروخت ہونے کی شکایات موصول ہوئیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ چکن کی قیمتوں کو کنٹرول کر کے کی لائی جا رہی ہے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز و پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں پوری طرح سے متحرک ہیں۔

ضلعی انتظامیہ لاہور نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں کمی و مستحکم کی رپورٹ جاری کر دی

لاہور (خبر نگار) ضلعی انتظامیہ لاہور نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں کمی و مستحکم کی رپورٹ جاری کر دی ہے۔ 13 سبزیوں کی قیمتیں مستحکم، 4 کی قیمتوں میں کمی اور 5 پھلوں کی قیمتیں مستحکم اور 2 میں کمی ہوئی ہے۔ مادر کھجائی لینڈ و چائنہ کی قیمت میں 10 روپے کی کمی اور دیسی لہسن کی قیمت میں 10، چائنہ لہسن کی قیمت میں 20 روپے کی کمی اور لیموں چائنہ کی قیمت میں 5 روپے کی کمی جبکہ شملہ مرچ 50، لوکی بوتل 50، شلجم 30، چائنہ گاجر 50، بھنڈی 200، اروی 160، بند گوبھی 30، کھیرا 30، پھول گوبھی 30، بینگن 50، کریلا 120، پیاز 50، فریش آلو 50 روپے میں مستحکم ہیں۔ میلن کی قیمت میں 10 روپے کی کمی اور امرود کی قیمت میں 15 روپے کی کمی ہوئی ہے۔ کیلا 260، سیب کالا کولو 325، کھجور اصیل 430، ایرانی کھجور 460، کینو 520 روپے میں مستحکم ہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ لاہور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے۔

لاری اڈا ڈولفن سکواڈ کی کارروائی

03 رکنی ون ویلرز گینگ گرفتار

لاہور (سٹی رپورٹر) سوشل میڈیا پر ون ویلنگ و خطرناک سٹنٹس کی ویڈیوز اپلوڈ کرنیوالے 03 ملزمان گرفتار۔ ترجمان ڈولفنڈ و لفن ٹیم نے ملزمان کو آزادی فلائی اوور ویلنگ کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔ ملزمان کی ون ویلنگ، خطرناک سٹنٹس کی متعدد ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہیں۔ ترجمان ڈولفنمز مان ارسلان، جبار، ہارون کو تھانہ لاری اڈا کے حوالے کر دیا گیا۔ ترجمان ڈولفنون ویلنگ جان لیوا کھیل ہے، والدین اپنے بچوں پر نظر رکھیں۔

اقبال ٹاؤن پولیس کی 15 کال پر برق رفتار کارروائی

لاہور (سٹی رپورٹر) گلشن اقبال فیملی پارک میں خواتین کو ہراساں کرنے والا اوباش ملزم گرفتار خواتین اپنی فیملی کے ساتھ چھٹی کے روز گلشن پارک میں تفریح کے لئے آئی ہوئی تھیں ملزم وہاب خواتین کے ساتھ چھیڑ چھاڑ اور ہراساں کر رہا تھا جس پر فیملی نے 15 کال کیا قبال ٹاؤن پولیس نے ملزم وہاب کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا، ایس پی چوہدری اثر علیایس پی اقبال ٹاؤن ایس ایچ او اقبال ٹاؤن عامر شہزاد اور پولیس ٹیم کو شاباش خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی ہرگز برداشت نہیں۔

مرغی کے گوشت کی قیمت قابو سے باہر، فی کلو 900 روپے کا ہو گیا

برائلر فی کلو گوشت کی قیمت 746 سے بڑھ کر 800 روپے ہو گئی ہے، انتظامیہ خاموش

لاہور (سٹی رپورٹر) مرغی کے گوشت کی قیمت قابو سے باہر، فی کلو 900 روپے کا ہو گیا لاہور میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں اضافے کے بعد فی کلو مرغی 900 روپے کی ہو گئی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق مرغی کے گوشت کے سرکاری نرخ 595 روپے فی کلو ہیں جبکہ رمضان اور عید پر مرغی کا گوشت 900 روپے تک میں فروخت کیا جا رہا تھا۔ دوسری جانب سیکرٹری زراعت پنجاب نے



مطابق مرغی کے فی کلو گوشت کی قیمت میں ایک روز میں 54 روپے اضافہ ہو گیا، جس کے بعد مرغی کے فی کلو گوشت کی قیمت 746 سے بڑھ کر 800 روپے ہو گئی ہے جبکہ کچھ مقامات کر مرغی 900 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ مارکیٹ مرغی کی قیمتوں سے متعلق 2 الگ الگ فہرستیں جاری کرنے پر نوٹس جاری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سیکرٹری زراعت پنجاب نے مارکیٹ کمیٹیوں کے افسران کے خلاف کارروائی اور مرغی کی قیمت سے متعلق سرکاری لسٹ پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔

ایوانِ اوقاف: سیکرٹری اوقاف کی زیرِ صدارت ''عید ملن تقریب'' کا اہتمام

تقریب میں چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اور ڈپٹی سیکرٹری سمیت اوقاف آفیسران/ ملازمین کی کثیر تعداد میں شرکت

ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کے دور میں مزارات و مساجد کی تعمیر و ترقی، اوقاف محصولاتِ زر میں تاریخی اضافہ، ریونٹ کولیکشن، اولڈ ایریئرز اور ڈیجیٹائزیشن آف وقف لینڈ سمیت دیگر محکمانہ کاوشوں کو سراہا گیا

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت ایوانِ اوقاف میں ''عید ملن تقریب'' کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں اوقاف آفیسران و اہلکاران کی طرف سے محکمانہ تعمیر و ترقی کے حوالے سے اوقاف لیڈر شپ کی تحسین کی گئی۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کے دور میں مزارات و مساجد کی تعمیر و ترقی، اوقاف محصولاتِ زر میں تاریخی اضافہ، ریونٹ کولیکشن، اولڈ ایریئرز اور ڈیجیٹائزیشن آف وقف لینڈ سمیت دیگر محکمانہ کاوشوں کو سراہا گیا۔ تقریب میں چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور مرزا خالد محمود سندھو، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر، ڈپٹی سیکرٹری اوقاف عامر شہزاد، ڈپٹی سیکرٹری اوقاف مولانا مختار احمد ندیم، مولانا محمد احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اوقاف حافظ محمد جاوید شوکت، قاضی عبد الرزاق، گلزار احمد، وقاص منصور، محمد فضلین، شکیل احمد، جہانگیر علی، پرسنل سٹاف آفیسر برائے سیکرٹری اوقاف زاہد اقبال، ایڈمنسٹریٹرز اوقاف شیخ محمد جمیل، گلاب ارشاد، عمران تبسم، محمد علی، اشفاق ڈیال، سیکشن آفیسرز اوقاف فہیم انعام مفتی، عبد الستار، محمد امجد، ضلعی خطباء اوقاف مفتی محمد عمران حنفی، مولانا مسعود الرحمن اور مولانا شفیق احمد سمیت اوقاف آفیسران/ ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیکرٹری اوقاف مولانا محمد اصولوں کو اپنا کر ہی ادارے اور افراد عروج پا سکتے ہیں۔ خوشگوار ماحول سے تخلیقی صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں، محنت اور مثبت طرز عمل ہی سے اداروں کی کارکردگی میں نکھار آتا ہے۔ خوف اور خطرے کو مسلط کر کے تحقیق و تفحص کی ترویج ممکن نہیں'' اجتماعی شعور اور مینجمنٹ'' اداروں کی مجموعی کارکردگی کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ معاشرے کو انسان دوستی، رواداری، اخوت اور بھائی چارے کے جذبوں سے آشنا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔



شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ہنجر وال میں خرم سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون، گارڈن ٹاؤن میں نوید سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، گوالمنڈی میں مرتضیٰ سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون، راوی روڈ میں جسم سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون، لیاقت آباد میں محسن سے 1 لاکھ روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔

سزا مکمل ہونے کے باوجود جیلوں میں موجود قیدیوں کی سنی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) سزا مکمل ہونے کے باوجود جیلوں میں موجود قیدیوں کی سنی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اب زکوٰۃ فنڈز سے قیدیوں کا جرمانہ ادا کر کے ان کی رہائی ممکن ہو سکے گی، زکوٰۃ اور عشر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی جانب سے نئی سکیم متعارف کرا دی گئی، پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر ابتدائی طور پر سکیم 10 ڈویژنز ہیڈ کوارٹر اضلاع میں شروع کی گئی، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، راولپنڈی فیصل آباد اور سرگودھا میں سکیم متعارف کرا دی۔ مراسلہ کے مطابق ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان میں سکیم شروع کی گئی، قیدیوں کی رہائی کے لئے 5 کروڑ جاری کر دیئے گئے۔

ڈیفنس اے پولیس نے معروف گلوکار کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈیفنس اے پولیس نے معروف گلوکار کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا، مقدمہ سب انسپکٹر اکرم حسین کی مدعیت میں منفی پروپیگنڈا اور قومی سلامتی کے خلاف سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل کرنے پر درج کیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانے ڈیفنس اے پولیس کے سب انسپکٹر کی مدعیت میں مذکورہ تھانے میں گلوکار سلمان احمد کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا متن میں لکھا گیا ہے کہ سلمان احمد سوشل میڈیا پر قومی سلامتی کے اداروں اور ریاست کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کر رہا ہے سلمان احمد کے ایکس پر 265.4k فالوورز ہیں۔

وزیر صحت کی گورنمنٹ لیڈی ولنگٹن ہسپتال میں ورلڈ ہیلتھ ڈے کی تقریب میں شرکت

وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، ایم ایس، پروفیسر ابرار اشرف و دیگر فیکلٹی ممبران موجود تھے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے گورنمنٹ لیڈی ولنگٹن ہسپتال میں دورہ کر کے پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، ایم ایس، پروفیسر ابرار اشرف و دیگر فیکلٹی ممبران موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ صحت کے عالمی دن کے موقع پر ہم سب کو عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کا اعادہ کرنا ہے۔ انسان کی صرف نیک نیتی سے ہی کئی مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر کرنے کی مسلسل کوشش کر رہی ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ میں اور سیکرٹری صحت روزانہ کی بنیاد پر ہسپتالوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ کوشش ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں کسی مریض کو کوئی پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔ حکومت پنجاب شعبہ صحت کی بہتری کیلئے میگا پراجیکٹس لے کر آئی ہے۔ پاکستانی تاریخ میں پہلی مرتبہ پنجاب کی عوام کیلئے ایئر ایمبولینس متعارف کروائی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ حکومت پنجاب نئے سرکاری ہسپتال بنانے کے ساتھ ساتھ پری ویشن پر بھی کام کر رہی ہے۔ لیڈی ولنگٹن ہسپتال کی نئی عمارت کو ریکارڈ مدت میں مکمل کیا جا رہا ہے۔



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق لیڈی ولنگٹن ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر وی پروفیسر محمود ایاز اور پروفیسر ابرار اشرف بھی انکے ہمراہ ہیں

ورلڈ ہیلتھ ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے لیڈی ولنگٹن ہسپتال کی زیر تعمیر نئی عمارت کا بھی تازہ پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر

دنیا بھر میں حلال گوشت کی صنعت تیزی سے ترقی کر رہی ہے: ابراہیم حسن مراد

مناسب حکمت عملی اور جدت سے پاکستان عالمی لائیو سٹاک کی منڈی میں نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے

لاہور (خبر نگار) سابق وزیر برائے لائیو سٹاک اور ڈیری ڈویلپمنٹ ابراہیم حسن مراد نے پاکستان کی گوشت و ڈیری انڈسٹری میں 50 ارب ڈالر کی صلاحیت کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں حلال گوشت کی صنعت تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ مناسب حکمت عملی اور جدت سے پاکستان عالمی لائیو سٹاک کی منڈی میں نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔ حلال گوشت کی بڑھتی ہوئی عالمی مانگ پر روشنی ڈالتے ہوئے ابراہیم مراد نے بتایا کہ 2032 تک عالمی حلال گوشت مارکیٹ کا حجم 5.7 ٹریلین ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے، جبکہ اس وقت یہ مارکیٹ 8.2 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ انہوں نے اسے پاکستان کیلئے اپنی برآمدات بڑھانے اور معیشت کو مضبوط کرنے کا اہم موقع قرار دیا۔ پاکستان کی لائیو سٹاک انڈسٹری عالمی معیار پر لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور قومی سطح کی حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہے۔ سابق وزیر لائیو سٹاک نے نیوزی لینڈ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ صرف 5 ملین آبادی اور اور لاہور کے ایک تہائی رقبے والے اس ملک کی ڈیری برآمدات 23 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہیں، جو کہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جدیدیت اور حکمت عملی سے کس طرح چھوٹے ممالک بھی عالمی مارکیٹ میں نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ ابراہیم حسن مراد کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی ڈیری اور حلال گوشت کی برآمدات کو بڑھانے کیلئے حکومت اور نجی شعبہ مل کر قومی سطح پر ایک جامع حکمت عملی تشکیل دینا ہوگی۔



لیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے انجینئر رمضان بٹ کو کمپنی کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز انجینئر عامر ضیا نے مبارکباد دی۔ رمضان بٹ توانائی کے شعبے میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں

لاہور (خبر نگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے انجینئر رمضان بٹ کو کمپنی کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ وہ فوری طور پر اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں۔ چیئر

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 8 اپریل 2025ء

پریس کلب شیخوپورہ کے باہر فلسطینیوں کے حق میں احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے مختلف نعرے درج تھے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے (غزہ لہولہو) مہم کے تحت پریس کلب شیخوپورہ کے باہر فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے مختلف نعرے درج تھے احتجاجی مظاہرہ میں ضلعی سیکرٹری جنرل میاں حبیب الرحمٰن، ٹکٹ ہولڈر قومی اسمبلی چوہدری شہزاد علی ورک، ضلعی نائب صدر چوہدری طارق محمود ڈگھر، مرکزی رہنماء مولانا خالد سیف اسلام وٹو، مولانا سلیم اعظم بلوچ، مفتی عبدالرحمٰن مظہر، جمعیت اہلحدیث پنجاب کے صدر مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری، سنی جماعت کے صدر حافظ اشفاق گجر، متحدہ امن کونسل کے نائب صدر علامہ عابد حسین، مولانا سلیم اعظم بلوچ، سٹی جنرل سیکرٹری حافظ انعام اللہ، احسان اللہ گجر، ملی لیبر فیڈریشن وٹی پنجاب کے صدر شاکر اللہ کاہلوں، ضلعی صدر حاجی ظفر اللہ منہاس، ٹکٹ ہولڈر سردار معصون بھٹہ و دیگر پارٹی رہنماؤں، کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اپنے خطابات میں مقررین نے کہا کہ پورے ملک میں اسرائیل کے مظالم کے خلاف احتجاج ہو رہا ہے غزہ کے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی اور ان کے ساتھ ہونیوالی مظالم کی شدت کے ساتھ مذمت کی جارہی ہیاقوام متحدہ کے دوہرے معیار کی وجہ سے اسرائیل کے حوصلے بلند ہوئے جو آج وہ عالمی قوانین کو روند کر غزہ کے مسلمانوں کا کھلم کھلا قتل عام کر رہا ہے سلامتی کونسل کی غزہ جنگ بندی کی قراردادیں کہاں ہیں غزہ کے مظلوم مسلمانوں پر اسرائیلی حملے اسلام دشمن اور مسلم نسل کشی پر مبنی ہیں جسے وقت آگیا ہے کہ مسلم حکمران طاقت سے روکیں غزہ میں اسرائیلی بربریت اور معصوم بچوں و نہتا گزینوں کا قتل کھلی دہشتگردی ہیغزہ کے مظلوم مسلمانوں پر اسرائیلی حملے کھلی دہشتگردی ہے مسلم ممالک جہاد کا اعلان کریں۔ اقوام متحدہ امریکی لونڈی کا کردار ادا کر رہا ہے اور انسانیت کے تحفظ کی بجائے انصاف کا قتل کر رہا ہے، انسانی حقوق کی دھجیاں اور انسانی حقوق کے علمبردار فلسطین میں اسرائیلی مظالم پر خاموش کیوں ہیں امریکا، اسرائیل اور بھارت اے آئی سافٹ ویئر کو انسانیت سوز مظالم اور مسلم نسل کشی کیلئے استعمال کر رہے ہیں، فلسطین اور کشمیر کے مسئلے کو ڈائیلاگ سے حل نہیں کیا گیا تو دنیا کا امن تباہ ہو جائیگا، دنیا کے امن کی بربادی کا سبب اقوام متحدہ کی جانبدارانہ غیر منصفانہ عمل اور ظالم و جابر اسرائیل، بھارت اور امریکا کو قلم سے روکنے کی بجائے ظالم کا ساتھ دینے کی پالیسیاں ہوئیں۔

لڑائی جھگڑوں پر قابو پانے کیلئے حافظ محمد کفایت اللہ کی سربراہی میں معززین علاقہ کی ایس ایچ او تھانہ لالیاں سے میٹنگ

اس موقع پر لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ اور جنرل سیکرٹری غلام جلال الدین بھی موجود تھے



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) لالیاں میں نوجوان نسل کے بڑھتے ہوئے لڑائی جھگڑوں پر قابو پانے کے لئے حافظ محمد کفایت اللہ کی سربراہی میں معززین علاقہ کی ایس ایچ او تھانہ لالیاں سے اہم میٹنگ تفصیلات کے مطابق لالیاں شہر میں کئی روز سے امن و امان کی فضا خراب ہو رہی ہے آئے روز نوجوان نسل ایک دوسرے کو مار رہی ہے نفرتیں معمولی سے بات پر لڑائیاں جھگڑے معمول کا حصہ بن گئے ہیں اس فساد کی لہر سے اہل علاقہ کے معززین میں شدید بے چینی اور بے سکونی پھیلی اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان علماء کونسل ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے صدر و سرپرست اعلیٰ لالیاں پریس کلب حافظ محمد کفایت اللہ کی سربراہی میں تمام سیاسی و سماجی و مذہبی اور انجمن تاجران کے عہدیداران کو بلا کر ایس ایچ او تھانہ لالیاں اللہ دتہ ہرل سے میٹنگ ہوئی جسمیں سیاسی و سماجی رہنماء مہر رضوان کہانہ لالی نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ شہر کے امن کو خراب کرنے اور خراب کرنے والوں کی پشت پناہی کرنے والے ہم ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ ہم انکے خلاف سڑکوں پر نکلیں گے اور انہیں سزا بھی دلوائیں گے اور سہولت کاروں کو بے نقاب بھی کریں گے۔ چیئرمین انجمن تاجران شیخ فضل کریم کا کہنا تھا کہ آپ فالکن سکواڈ کی پیٹرولنگ کو لازمی کریں۔ جبکہ امن کمیٹی کے ممبران نے اور دیگر عہدیداروں نے امن و امان کے حوالے سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ جبکہ ایس ایچ او اللہ دتہ ہرل نے کہا کہ اب شہر میں لڑائی کرنے والے اور انکے سہولت کار نہ لیں۔ یا تو کسی اور علاقہ میں چلے جائیں ورنہ ان پر ہم دہشت گردی کی دفعات لگا کر جیل بھیجیں گے۔ انکے اس فیصلہ کا تمام جماعتوں نے خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ اور جنرل سیکرٹری غلام جلال الدین بھی موجود تھے۔

حسنین پاشا پر فارمنگ آرٹ کے بادشاہ ہیں: سنیئر صحافی خواجہ عامر جاوید

سیالکوٹ کے افق کے درخشاں ستارہ کو نشان امتیاز پاکستان سے نوازا جائے: عمر بٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مشاہیر زمانہ کے شہر اقبال سیالکوٹ کے فرزند وقومی نگہت کے سفیر حسنین علی پاشا نے یوم علامہ اقبال کے موقع پر منعقدہ اسلام آباد میں منعقدہ پروقار قومی تقریب میں ترنم کیساتھ کلام اقبال پیش کیا۔ جس پر ازبکستان کے سفیر عارف عثمان نے انکی بہترین فنی صلاحیتوں کے اعتراف میں پریسٹمن یونیورسٹی اسلام آباد کے آڈیٹوریم میں ایوارڈ سے نوازا اور تعریفی اسناد پیش کیں۔ سیالکوٹ کے سفیر صحافی و بزنس مین خواجہ عامر جاوید و محمد عمر بٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان کے قومی ورثہ و ثقافتی رنگ و تہذیب و تمدن اجاگر کرنے میں حسنین علی پاشا کی خدمات لازوال ہیں۔ قومی و صوبائی سطح کے مختلف کلچرل پروگرامز و بین الاقوامی سطح کے پروگرامز زیر انتظام سوسائیٹی آف ایشین تہذیب وتمدن پاکستان میں سیالکوٹ کے اس یونگ لیجنڈ کی پرفارمنسز قابل قدر رہی ہیں۔

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کی خدمات لازوال ہیں: خواجہ پٹیو سلطان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ملکی سیاست ہو یا پارٹی اداروں کی بات یا پھر سیالکوٹ کے غیور عوام کے حقوق کی پاسبانی وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ محمد آصف نے وطن عزیز کا دلیر بیٹا بن کر ملکی و غیر ملکی فورمز پر بیباک انداز میں بات کی ہے۔ پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف کا ساتھ ہر اہم موقع پر نبھانے میں سخنوری نبھایا۔ ان باتوں کا اظہار پوسٹ میڈیکل سیکرٹری و نیشنل ڈیفنس خواجہ محمد آصف خواجہ پٹیو سلطان نے سفیر جرنلسٹس کے ہمراہ ایک نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرے عظیم لیڈر نے وہ انفراسٹرکچر کا جال ہو یا پھر قومی منصوبہ جات و صنعتی شہر سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی کیلئے ملکی کاوشیں ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کی عوام کی فلاح و بہبود کے ہر منصوبے کیلئے اپنا مثبت تعمیری کردار کر کے دکھایا۔

جرنلسٹ پریس کلب شرقپور شریف کا تعزیتی اجلاس

سردار علی آصف کے بیٹے کی وفات پر اظہار افسوس

شرقپور شریف (نامہ نگار) جرنلسٹ پریس کلب شرقپور شریف کا تعزیتی اجلاس، سردار علی آصف کے بیٹے کی وفات پر اظہار افسوس۔ تفصیلات کے مطابق جرنلسٹ پریس کلب شرقپور شریف کا ایک اہم تعزیتی اجلاس زیر سرپرستی حاجی ڈاکٹر عبد الروف گجر، ملک جاوید اقبال اور گروپ لیڈر ملک وقاص رشید زیر صدارت صدر جرنلسٹ پریس کلب ملک عثمان اقدس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جرنلسٹ پریس کلب کے عہدیداران و ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور دعا سے کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وٹکٹ ہولڈر سردار علی آصف کے جواں سالہ بیٹے کی اچانک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ تمام شرکاء نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا کرے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ملک جاوید اقبال اور ملک وقاص رشید نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سردار علی آصف اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان بیٹے کی وفات ایک ناقابل تلافی صدمہ ہے، جسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں اجلاس کے اختتام پر مرحوم کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر و استقامت کی اجتماعی دعا کی گئی۔

فیصل آباد پریس کلب میں عید ملن پارٹی شاندار انعقاد کیا گیا

تقریب کے انعقاد پر شرکا نے صدر پریس کلب شاہد علی اور ان کی کابینہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد پریس کلب میں عید ملن پارٹی کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں شہر بھر کی صحافتی تنظیموں کے صدور، رہنماں اور صحافیوں نے بھرپور شرکت کی تقریب کے انعقاد پر شرکا نے صدر پریس کلب شاہد علی اور ان کی کابینہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ صدر پریس کلب شاہد علی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "ہم کسی کریڈٹ کے طلبگار نہیں، صرف چاہتے ہیں کہ ہمارے صحافی بھائیوں کو ان کا حق ملے" انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ باہمی مشاورت، اخلاص کے ساتھ فیصلے کیے ہیں صحافی کالونی کوئی ذاتی منصوبہ نہیں یہ پوری برادری کی اجتماعی ذمہ داری ہے، اس لیے میں آج کے تمام شرکاء سے کہوں گا کہ سوشل میڈیا پر اپنے حق کیلئے آواز بلند کریں، اپنے خطاب میں صدر شاہد علی نے تمام صحافتی تنظیموں کے عہدیداران کی شرکت اور صحافی کالونی کے موقف پر ان کی تائید کرنے پر شکریہ ادا کیا تقریب میں سیکرٹری پریس کلب عباد الرحمٰن عابدی، سینئر صحافی مقبول احمد لودھی، سینئر نائب صدر پریس کلب وصدر ایف یو جے ورکرز جی اے تنویر، گروپ لیڈر ایڈیٹر زنوکنسل فیصل آباد زاہد حسین مان، جنرل سیکرٹری ایف یو جے (برنا) حامد یاسین، صدر ایف یو جے (برنا) اقبال اعوان، سابق صدر ایف یو جے (برنا) میاں ندیم جاوید، صدر سوشل میڈیا جرنلسٹ ایسوسی ایشن میاں منور اقبال، صدر فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن محمد طاہر، نائب صدر پریس کلب و جنرل سیکرٹری وومین جرنلسٹس ایسوسی ایشن رداندھو، سابق جوائنٹ سیکرٹری پریس کلب میاں صغیر سانول، ممبر لیگل افیئرز کمیٹی پریس کلب علی ضامن، سابق سینئر نائب صدر غلام دستگیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی یہ پروقار تقریب کے انعقاد پر ہم صدر شاہد علی اور ان کی کابینہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اس عید ملن پارٹی کے ذریعے ہمیں عید کے بعد عید منانے کا موقع فراہم کیا، اپنے اپنے خطابات میں تمام رہنماؤں نے صحافی کالونی کے حوالے سے مکمل حمایت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ مقررین نے واضح کیا کہ صحافی کالونی کا قیام صحافی برادری کا دیرینہ حق ہے اور اس جدوجہد میں وہ پریس کلب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اس موقع پر تمام رہنماؤں نے عید ملن پارٹی کو صحافیوں کے اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارے کی بہترین مثال قرار دیا۔ تقریب کے شرکاء میوزیکل پروگرام سے بھرپور لطف اندوز ہوئے ممبران کا جوش و خروش دیدنی تھا عید ملن پارٹی میں نائب صدر ظفران سرور، جوائنٹ سیکرٹریز ندیم جاودانی، اورنگزیب ملک، سابق سیکرٹری میاں کاشف فرید، پیئر مین الیکشن کمیٹی میاں بشیر اعجاز، ایگزیکٹو ممبران افتخار بتول، رانا جنید، رانا محسن فاروق، شاہد محمود، ارشد انصاری، ڈاکٹر سعید طاہر، رفعت انور، کمال بٹ، نعیم شاکر، علی رضا ملک، رانا ادریس، نادر حسین مان و دیگر عہدیداران و ممبران کثیر تعداد میں شریک تھے۔

44 کروڑ روپے کی لاگت سے 17 سڑکوں کی تعمیر و مرمت

کمشنر فیصل آباد مریم خان کی صدارت میں کمشنر آفس فیصل آباد میں منعقدہ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈویژنل شوگر کین ڈویلپمنٹ سیس کمیٹی نے ضلع چنیوٹ کی شوگر ملوں کے علاقوں میں 44 کروڑ روپے کی لاگت سے 17 سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بحالی اور کشادگی کی منظوری دے دی۔ کمشنر فیصل آباد مریم خان کی صدارت میں کمشنر آفس فیصل آباد میں منعقدہ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کمیٹی کے اجلاس میں بتایا کہ ڈسٹرکٹ شوگر کین ڈویلپمنٹ سیس کمیٹی نے کیموں کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کیا اور بتایا کہ مدینہ شوگر ملز، سفینہ شوگر ملز، رمضان شوگر ملز اور دیگر شوگر ملز کے علاقوں میں مجموعی طور پر 84.24 کلو میٹر سڑکوں کی مرمت و بحالی سے گنے کے کاشتکاروں کو گنا ملز تک لے جانے میں معیاری سہولت میسر آئے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ شوگر کین ڈویلپمنٹ سیس کمیٹی نے کیموں کا بغور جائزہ لے کر انہیں ڈویژنل سطح پر منعقدہ اجلاس میں پیش کیا تھا جنہیں منظور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ منظور ہونے والی سڑکوں پر فوری تعمیراتی کام شروع کرایا جائیاور تعمیراتی کوالٹی کو ہر قیمت پر ملحوظ خاطر رکھیں۔

رائے ونڈ: ماسٹر جاوید شاہد اقلیتی مشاورتی کونسل پنجاب کے رکن منتخب

مسلم لیگ (ن) ہمیشہ ورکرز کو عزت دیتی ہے، ہم مشن کالونی کو ماڈل کالونی بنانے اور پارٹی تنظیم کو مضبوط کرنے کے عزم کے ساتھ میدان میں ہیں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سیدسے) مسلم لیگی رہنما ماسٹر جاوید شاہد کو اقلیتی مشاورتی کونسل وزیر اعلیٰ پنجاب کا رکن منتخب ہونے پر مسیحی ایم پی اے فیلیوس کرسٹوفر، لیگی قیادت اور علاقہ معززین کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر مختلف چرچز میں انہیں عزت سے نوازا گیا جبکہ ایک پروقار تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں اہل علاقہ نے ہار پہنا کر خوشی کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ماسٹر جاوید شاہد نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ہمیشہ ورکرز کو عزت دیتی ہے، ہم مشن کالونی کو ماڈل کالونی بنانے اور پارٹی تنظیم کو مضبوط کرنے کے عزم کے ساتھ میدان میں ہیں۔ تقریب میں حاجی افضل، چوہدری تنویر یوسف، چوہدری ہدایت سندھو، ملک لطیف، ایان شاہد، پرویز شاہد، سلیم شاہد، حمدان شاہد، خلیق شاہد، نزیر بھٹی، عرفان بھٹی، یوسف بھٹی، ندیم خان، افتخار بھٹی، پنوں چوہان، پاسٹر وکی، چوہدری طالب، ساجد کامران، چوہدری داؤد پرویز و دیگر شریک ہوئے۔

تندرستی انسان کی سب سے بڑی دولت ہے: حکیم ریاض احمد

روایتی طب اور قدرتی علاج آج کے دور میں بھی بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کا مؤثر ذریعہ ہیں



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) تندرستی انسان کی سب سے بڑی دولت ہے۔ روایتی طب اور قدرتی علاج آج کے دور میں بھی بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کا مؤثر ذریعہ ہیں حکیم ریاض احمد تفصیلات کے مطابق عالمی یوم صحت کے موقع پر صدر پاکستان ٹبی کانفرنس ضلع نکانہ صاحب حکیم ریاض احمد نے ایک خصوصی پیغام میں صحت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تندرستی انسان کی سب سے بڑی دولت ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی طب اور قدرتی علاج آج کے دور میں بھی بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ متوازن غذا، ورزش، اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا استعمال زندگی کو صحتمند اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ جدید دور کی مصروفیات کے باوجود اپنی روزمرہ زندگی میں صحت مند عادات کو اپنانے کی کوشش کریں تاکہ ایک خوشحال اور توانا معاشرہ تشکیل دیا جاسکے

اوکاڑہ پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کا جعلی چیک دینے پر ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کا جعلی چیک دینے پر ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ محلہ خلیل آباد کالونی دیپالپور کے رہائشی حافظ محمد آصف ندیم ولد محمد زمان خاں سے فیصل عبدال ولد نصر اللہ خاں نے 2 لاکھ 70 ہزار روپے نقدی ادھار لئے جس کی واپسی کے لئے چیک دیا جو بینک سے جعلی ثابت ہوا پولیس تھانہ سٹی دیپالپور نے حافظ محمد آصف ندیم کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن سہیل ریاض چھینہ کا اینٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری

کوٹ رادھا کشن انکروچمنٹ کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن سہیل ریاض چھینہ کا اینٹی انکروچمنٹ آپریشن



کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے وزن کے مطابق انکروچمنٹ کرنے والوں کے خلاف گرینڈ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری کر دیا جس میں کوٹ رادھا کشن کے مین بازار، پاک بازار، ہندال چوک، ٹول ٹیکس چوک اور بھائی پھیرو اڈا سمیت دیگر علاقوں میں اینٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری۔ انکروچمنٹ کرنے والوں کو 24 گھنٹے کا الٹی میٹ ٹائم۔

وکالت ایک مقدس پیشہ ہے: حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ

لاء آفیسر کو ہمیشہ انصاف کیلئے جدوجہد کرنی چاہیے: مسز عاصمہ اویس قریشی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وکالت ایک مقدس پیشہ ہے جس میں اپنے جذبات و احساسات کی بجائے ہمیشہ عدل و انصاف کی فراہمی کیلئے بھرپور انداز میں سعی کرنا ہوتی ہے۔ بطور لاء آفیسر اپنے موکلین کی دادرسی کیلئے قانون کے تقاضوں کے مطابق موثر دلائل پیش کرنا ہمارا فرض جبکہ کمرہ عدالت میں وکیل کی جانب سے پیش کردہ حقائق و شواہد کو قانون کی کسوٹی پر رکھ کر جج فیصلے دیتے ہیں۔ ایک پروفیشنل لاء آفیسر کے طور پر ہمیشہ انصاف کی فراہمی کیلئے بھرہور جدوجہد کی ہے۔ ان باتوں کا اظہار حکیم لاء چیمبرز سمبڑیال کورٹس میں سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران معروف فوجداری و سول وکلاء حکیم اویس عادل قریشی و مسز عاصمہ اویس قریشی ایڈووکیٹس ہائی کورٹس نے کیا۔

عوامی شکایات کے فوری حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں

شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ شہریوں کی صحت کا بھی تحفظ یقینی بنایا جاسکے: ڈپٹی کمشنر



عارفوالا (نمائندہ قوت+نامہ نگار) عوامی شکایات کے فوری حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں اور صفائی کے نظام کو فعال اور موثر بنایا جائے تاکہ شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ شہریوں کی صحت کا بھی تحفظ یقینی بنایا جاسکے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے ضلع میں صفائی مہم کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے کنٹریکٹرز کے ساتھ منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ اور میونسپل کمیٹیز کے افسران، کنٹریکٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری صفائی مہم، کوڑا کرکٹ کی تلفی، ویسٹ کلیکشن پوائنٹس کی صورتحال، مشینری کی دستیابی اور عملے کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کنٹریکٹرز سے ان کے موجودہ اہداف، مسائل اور فیلڈ میں درپیش چیلنجز بارے استفسار کیا۔ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صفائی ایمان کا لازمی جزو ہے اور اس پر کسی قسم کی کوتاہی ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام شہری علاقوں میں صفائی کا عمل باقاعدگی سے مکمل کیا جائے، خاص طور پر گلیوں، بازاروں، پارکوں، اسپتالوں اور تعلیمی اداروں کے اطراف صفائی کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت دی کہ کنٹریکٹرز کی کارکردگی کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے اور جو کنٹریکٹرز ناقص کارکردگی دکھا رہے ہیں ان کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ساہنکہ گیاری سیکٹر کے شہیدوں کی 11 ویں برسی ملک بھر میں عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی

اس سلسلہ میں قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ سٹی کے زیر اہتمام ایک دعائیہ تقریب سٹی سیکرٹریٹ آفس چنیوٹ میں منعقد کی گئی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ساہنکہ گیاری سیکٹر کے شہیدوں کی 11 ویں برسی ملک بھر میں عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی اس سلسلہ میں قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ سٹی کے زیر اہتمام ایک دعائیہ تقریب سٹی سیکرٹریٹ آفس چنیوٹ میں منعقد کی گئی تقریب کی صدارت سٹی صدر قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ ملک مرید سلطان ٹوانہ نے کی اس موقع پر قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے پریس سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھراڑہ، ضلعی چیف کوآرڈینٹر محمد جنید ٹوانہ، سینئر وائس چیئرمین ملک حاجی الطاف حسین، ضلعی نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکوکارہ سٹی سینئر وائس صدر حافظ زر محمد خان، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری قاضی کوثر نقلین، ایڈیشنل سیکرٹری احسن عباس، عابد حسین جعفری و دیگر عہدیداران و ممبران نے شرکت کی دعائیہ تقریب میں سٹی صدر ملک مرید سلطان ٹوانہ و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سات اپریل کو ساہنکہ گیاری سیکٹر پر وطن کی حفاظت پر مامور پاک فوج کے دستے پہ برفانی تودہ گرنے سے 1 سو 74 سیون فوجی جوانوں سمیت 140 افراد نے جام شہادت نوش کیا۔ سیاچن دنیا کا سب سے دشوار محاذِ جنگ ہے جہاں آج سے سات سال قبل قربانیوں کی نئی داستان تو رقم ہوئی لیکن ساتھ ہی ساتھ جوانوں کا عزم و حوصلہ جواں سے جواں تر ہو گیا۔ سکس ناردھرن لائٹ انفنٹری بٹالین کے ان جوانوں اور 11 سو ملین کی قربانی لازوال تھی۔ دنیا بھر کی جدید ترین ٹیکنالوجی کی حامل ترقی یافتہ ترین ممالک کی ٹیمیں بھی شہدا کے جسد خاکی کی تلاش کے کام کو ناممکن قرار دے کر واپس چلی گئیں مگر پاکستان آرمی نے ایک بار پھر ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ موسم کی تلخیوں اور خون جما دینے والی سردی کے باوجود پاک فوج کا ریسکیو آپریشن ڈیڑھ سال تک دن رات جاری رہا جو کہ اکتوبر 2013 میں آخری شہید کا جسد خاکی نکالنے کے ساتھ مکمل ہوا۔ گیاری آپریشن کی تکمیل پاک فوج کی تاریخ کا سنہرا باب ہے جو عزم و استقلال کی داستان رقم کرتے ہوئے بتاتا ہے زندہ قومیں اپنے شہداء کو نہیں بھولتیں۔ تقریب کے اختتام پر حافظ زر محمد خان نے پاک فوج کے شہدا کیلئے خصوصی دعا کروائی۔

آئی اے بی گوجرانوالہ چوہدری عبدالعظیم کاہلوں کا نارنگ منڈی کا دورہ

صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید بہتری لے کر آئیں گے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حال ہی میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پرموٹ ہونے والے آفیسر چوہدری عبدالعظیم کاہلوں کا آئی اے بی گوجرانوالہ ڈویژن کا چارج سنبھالنے کے بعد نارنگ منڈی کا دورہ چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی غلام مصطفیٰ بھٹی غلام مرتضیٰ بھٹی ملک اعجاز مصطفیٰ سمیت بھٹی برادران نے شاندار استقبال کیا پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور پتیاں نچھاوڑ کی گئیں پیر سید خالد محمود نے خصوصی دعائیں کیں اس موقع پر ڈی ایس پی عبدالعظیم کاہلوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہر آفیسر کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنی خدمات ایمانداری سے سرانجام دے پنجاب پولیس ملازمین اور افسران کو مسلسل پرموٹ کر رہی ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے پرموشن سے ملازمین اور افسران کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور ان کی کام کرنے کی صلاحیت بھی نکھار جاتی ہے ان شاء اللہ اینٹی کرپشن کی طرح انٹیلیجنس بیورو میں بھی اپنی صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید بہتری لے کر آئیں گے۔

تجاوزات کے خلاف آپریشن بری طرح فلاپ ہو گیا

چند روزہ تجاوزات کے خلاف آپریشن کا شور مچایا گیا جبکہ شہر اور گردونواح میں تجاوزات جوں کی توں قائم ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) تجاوزات کے خلاف آپریشن کا بری طرح فلاپ ہو گیا چند روزہ تجاوزات کے خلاف آپریشن کا شور مچایا گیا جبکہ شہر اور گردونواح میں تجاوزات جوں کی توں قائم ہیں انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کیے گئے اعلانات اور پیشگوئیاں کی گئیں لیکن عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہو سکا صدر بازار ریل بازار گلفام پارک ریلوے روڈ یونس روڈ تھانہ روڈ اور حیدری چوک سمیت سارا شہر ہی تجاوزات کے شکنجے میں ہے بازاروں سے گزرنا انتہائی مشکل ہے دوکانداروں نے دوکانوں کے آگے تھیلے اور ریڑھیاں لگا رکھی ہیں جس سے مزید مشکلات بڑھ رہی ہیں خرم گلفام کے ارد گرد ریڑھی بانوں اور رکشہ اسٹینڈ والوں نے قبضہ جما رکھا ہے جس سے ٹریفک کے شدید مسائل جنم لے رہے ہیں علاقہ مکین اور تاجر برادری کا کہنا ہے کہ تھرا پنجاب مشن کے تحت اگر آپریشن شروع کیا گیا تھا تو اسے انجام تک پہنچایا جائے تجاوزات کی وجہ سے ٹریفک سمیت دیگر بہت سے مسائل جنم لے رہے ہیں دوسرے شہروں کی طرح نارنگ منڈی کو بھی تجاوزات فری بنایا جائے تاکہ عوام کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

ڈسٹرکٹ سیالکوٹ ایمرجنسی کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی شرکت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ نے کہا ہے کہ جنگلات میں لگنے والے آگ پر قابو پانے اور پیدا ہونے والی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے ضلع سیالکوٹ کے جنگلات میں ریسکیو 1122 کے زیر نگرانی فائر فائٹنگ کی آزمائشی مشقیں کی جارہی ہیں جس کا مقصد جنگلات میں لگنے والی آگ کو بروقت کنٹرول کرنے کیلئے ایمرجنسی اداروں کی صلاحیت اور استعداد کار کا جائزہ لیکر کمی کوتاہیوں کو دور کرنا ہے۔ یہ ہدایت ان

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کیا امریکہ پوری دنیا سے تجارتی جنگ جیت سکتا ہے؟

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دنیا کے ایک سو ممالک پر ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کرتے ہوئے دوست دشمن کی پہچان نہیں کی۔ وائٹ ہاؤ?س میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمام امریکی درآمدات پر 10 فیصد ٹیرف عائد ہوگا لیکن اس کے بعد مختلف ممالک کی برآمدات پر تجارتی خسارے کے حساب سے ٹیرف وصول کیا جائے گا۔ وائٹ ہاؤ?س سے جاری ہونے والی فہرست کے مطابق چین پر 54 فیصد اور پاکستان پر 29 فیصد ٹیکس عائد کیا جائے گا۔

یورپی یونین کے ممالک پر بیس فیصد اور انڈیا سمیت جنوبی ایشیا کے سب ممالک کی برآمدات پر نئے ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ امریکی حکومت کی فہرست کے مطابق سری لنکا پر 44 فیصد، بنگلہ دیش پر 32 فیصد اور بھارت پر 26 فیصد ٹیرف عائد ہوگا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس اعلان کو امریکہ کا 'یوم آزادی' قرار دیا اور کہا کہ آج تک پوری دنیا امریکہ کی قیمت پر دولت کمارہی تھی لیکن اب امریکہ خود امیر ہوگا۔ اب ہر اس ملک پر اتنا ہی محصول عائد کیا جائے گا جو وہ امریکی مصنوعات پر وصول کرتے ہیں۔ اگرچہ صدر ٹرمپ کی طرف سے ٹیرف عائد کرنے کا انتظار کیا جارہا تھا لیکن متاثر ہونے والے ممالک کی تعداد اور محصول کی شرح نے سب حیران کیا ہے۔ آئی ایم ایف اقتصادی ماہر کین روگوف کے مطابق 'صدر ٹرمپ نے عالمی تجارتی نظام پر ایٹم بم گرایا ہے'۔ صدر ٹرمپ نے اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے خود بھی کہا تھا کہ 'اس فیصلہ کے بعد امریکہ بہت تھوڑے وقت میں بالکل مختلف ملک بن جائے گا۔ یہ ایسا اقدام ہے جس کے بارے میں پوری دنیا بات کرے گی'۔ انہوں نے ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کرنے سے پہلے ملک میں اقتصادی ایمرجنسی نافذ کردی تھی۔ اور اس طرح تجارتی نظام میں تبدیلی کے لیے وسیع اختیارات حاصل کیے تھے۔ متعدد امریکی و عالمی اقتصادی ماہرین اس بات سے متفق ہیں کہ یہ دنیا کے تجارتی نظام کو ہلا دینے والی خبر ہے اور اس ایک فیصلہ سے امریکہ پہلے جیسا نہیں رہے گا لیکن وہ اس تبدیلی کو ان معنوں میں تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں جو ٹرمپ کے خیال میں اس ڈرامائی اقدام سے رونما ہونے والی ہے۔ ٹرمپ کا خیال ہے کہ درآمدات پر ٹیرف عائد کرنے سے امریکی حکومت کو کھربوں ڈالر کی آمدنی ہوگی اور اس سرمائے کو ملکی معیشت کو فروغ دینے کے لیے استعمال کیا جاسکے گا۔ تاہم ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ خواب پورا ہونے کا امکان نہیں ہے۔ امریکہ نے اگر یہ تجارتی جنگ جاری رکھی اور جلد ہی نئے یک طرفہ محاصل کے سلسلہ میں کوئی مثبت اقدام نہ کیا تو اس سے رونما ہونے والی معاشی مشکلات کا سامنا صرف ان ممالک ہی کو نہیں کرنا پڑے گا جن پر ٹرمپ نے محصول عائد کیا ہے بلکہ خود امریکی عوام کو اس کی بھاری قیمت دینا پڑے گی۔ سب سے پہلے تو ٹیرف لاگو ہوتے ہی تمام درآمدی اشیا مہنگی ہوجائیں گی۔ یہ قیمت امریکی صارفین ہی کو ادا کرنا پڑے گی۔ یہ بعد کی بات ہے کہ ٹیرف سے وصول ہونے والے وسائل کب اکٹھے ہوتے ہیں اور انہیں پیداواری منصوبوں میں لگا کر کب روزگار کے مواقع دستیاب ہوسکیں گے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ نئے ٹیرف جتنی دیر تک لاگو رہیں گے، امریکہ اور دنیا بھر کی معیشت کساد بازاری کی طرف بڑھتی رہے گی۔ جیسا کہ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ وہ اس فیصلہ سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ اس صورت میں جو عالمی اقتصادی بحران پیدا ہوگا، امریکہ خود بھی اس سے محفوظ نہیں رہے گا۔ یہی وجہ ہے کہ صدر ٹرمپ کی طرف سے ٹیرف عائد کرنے کا اعلان سامنے آتے ہی امریکہ سمیت دنیا بھر کی اسٹاک ایکسچینج میں حصص کی قیمتیں کم ہونے لگیں اور سونے کی قیمت میں اضافہ ہوا۔ سرمایہ دار کسی ایسی صنف میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں جہاں ان کی دولت محفوظ ہو اور اس پر انہیں منافع بھی مل سکے۔ ٹرمپ کا دعویٰ ہے کہ یورپی یونین، چین اور بھارت سمیت دنیا بھر کے ممالک، امریکہ کی نرم تجارتی پالیسی سے فائدہ اٹھا کر دہائیوں سے دولت کماتے رہے ہیں۔

تعلیم اور پائیدار ترقی

تحریر: ڈاکٹر سنتوش کامرانی

ایک عام پاکستانی، جو نچلے، نچلے درمیانے یا درمیانے طبقے سے تعلق رکھتا ہے، اُس کی نظر میں تعلیم حاصل کرنے کا واحد مقصد کوئی معقول نوکری ہی حاصل کرنا ہے۔ یقیناً اچھی اور معیاری تعلیم ایک مناسب و معقول نوکری کا ذریعہ تو بن سکتی ہے، مگر تعلیم کا اوّل و آخر مقصد نوکری کا حصول نہیں ہے۔

یہ ایک المیہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں تعلیم کو محض روزگار کے حصول کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ سوچ نہ صرف تعلیم کے وسیع تر مقاصد کو محدود کرتی ہے بلکہ ایک ایسی نسل کی تشکیل کا باعث بنتی ہے جو صرف اپنی ذات اور معاشی مفادات تک محدود رہ جاتی ہے۔ تعلیم کا حقیقی مقصد محض ڈگری حاصل کرنا یا ملازمت پانا نہیں، بلکہ یہ ایک جامع عمل ہے جو فرد کی ذہنی، اخلاقی، سماجی اور روحانی نشوونما کرتا ہے۔

آج جب ہم اکیسویں صدی کی تیسری دہائی میں تعلیم کے مقصد پر نظر ڈالتے ہیں تو پوری دنیا اِس بات پر متفق نظر آتی ہے کہ تعلیم انسانی ترقی کے لئے نا صرف ایک ناگزیر سرمایہ کاری ہے، بلکہ انفرادی و اجتماعی اور ذاتی و معاشرتی پائیدار ترقی کا بھی ایک اہم ستون ہے۔ آج کی معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی صرف اور صرف تعلیم اور تربیت سے ہی پروان چڑھ سکتی ہے۔

جیسا کہ یونیسکو کی رپورٹ، ری امیجننگ ایجوکیشن: فارورڈ دی کامنز میں کہا گیا ہے، "تعلیم کو انسانیت کے مشترکہ مستقبل کی تعمیر کے لئے ایک بنیادی ذریعہ تسلیم کیا جانا چاہیے۔" اس رپورٹ کے مطابق، تعلیم کا مقصد محض معاشی ترقی نہیں بلکہ ایک ایسے معاشرے کی تشکیل ہے جو "بنیادی انسانی حقوق اور وقار، سماجی انصاف، ثقافتی تنوع، اور بین الاقوامی یکجہتی کے اصولوں پر مبنی ہو۔"

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ایسی کوئی ترقی کسی کام کی نہیں جو انسانی سماج کی فلاح و بہبود کے کام نہ آئے۔ یہی سبب ہے کہ آج کی تعلیم کو معاشرے کی ترقی سے اس طرح جوڑا جاتا ہے کہ حاصل کی گئی تعلیم نا صرف ایک اچھے روزگار کا وسیلہ بنے، بلکہ یہ تعلیم ہمیں ایک ایسا انسان بھی بنائے جو اپنے آپ اور سماج میں موجود عدم برداشت، صنفی تضاد، اندھی عقیدہ پرستی سے نکال کر امن، برداشت، صنفی رواداری، منطق اور ہمہ گیریت کا درس دے اور ہمیں اس قابل بنائے کہ ہم اس معاشرے کی ترقی کا اہم جز بن سکیں۔

پائیدار ترقی دراصل ایسے طریقوں، اصولوں اور متبادل راستوں پر چل کر ایک پرامن اور خوشحال دنیا بنانے کا نام ہے، جس میں آپ کی سوچ ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ہم اس دنیا کی ترقی کو پائیدار بنیادوں پر تب ہی استوار کر سکتے ہیں، جب ہم بچپن ہی سے اپنے گھروں اور اسکولوں میں ثقافتی تنوع، بین المذاہب اور بین المسلک ہم آہنگی، نفسیاتی طور پر معتدل شخصیت کی کردار سازی، انسانی حقوق، معاشرتی انصاف اور تشدد سے پاک روّیوں کی آب پاری کریں۔

ماہر تعلیم پائلو فریرے اپنی کتاب "پیڈاگوجی آف دی آپریسڈ" میں لکھتے ہیں، "تعلیم کا مقصد انسان کو ظلم اور ناانصافی کے خلاف جدوجہد کے لیے تیار کرنا ہے۔" فریرے کے مطابق، تعلیم کو "بینکاری نظام" کی بجائے "مسئلہ حل کرنے والا نظام" ہونا چاہیے، جہاں طلباء محض معلومات وصول کرنے والے نہ ہوں بلکہ فعال طور پر علم کی تخلیق میں شریک ہوں۔

پائیدار ترقی کی اہمیت، افادیت اور ضرورت کو ایسے تعلیمی نظام و نصاب سے سمجھا اور سمجھایا جاسکتا ہے، جس سے سیکھنے والا خاص قسم کی ایسی مہارتیں سیکھ سکے، اور ایسا علم و معلومات حاصل کر سکے، جو اس کے عقل و شعور میں وہ بنیادی تبدیلیاں لا سکے، جس کے استعمال سے اس دنیا کو سارے انسانوں اور چرند پرند کے لئے جینے کا ایک صحتمند ماحول اور پرامن معاشرہ مہیا ہوسکے۔

پائیدار ترقی انسانی ترقی کی ایسی حالت کو کہا جاتا ہے جس میں انسان موجود وسائل کو اِس طرح استعمال کرنے کی مہارتیں حاصل کرتا ہے، جس سے نا صرف آج ہم بہتر زندگی گزارنے کے قابل ہوتے ہیں، بلکہ یہ اہتمام بھی آج ہی کیا جاتا ہے کہ ہمارے بچے اور آئندہ نسلوں کے لئے بھی مناسب وسائل موجود ہونے چاہئیں۔

جریدے "پائیدار ترقی" میں شائع ہونے والے ایک مقالے میں استدلال کیا گیا ہے کہ "تعلیم برائے پائیدار ترقی (ESD) ایک ایسا لازمی عنصر ہے جو افراد کو پائیدار طرز زندگی اپنانے اور پائیدار معاشروں کی تعمیر میں مدد فراہم کرتا ہے۔"

سال 1987 میں اقوام متحدہ میں پہلی مرتبہ 'پائیدار ترقی' کا نام استعمال میں لایا گیا، اور پائیدار ترقی کی تشریح ان الفاظ میں کی گئی کہ: "ایسی ترقی جو آج کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے وسائل کا استعمال اِس طریقے سے کرے کہ کل کی ضرورتوں کے لئے بھی وسائل کی کمی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔"

پائیدار ترقی کو انسانی ترقی کا ایک ایسا ذریعہ سمجھا جاتا ہے، جس میں انسانی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے وسائل کا استعمال تو کیا جاتا ہے لیکن اس طرح کہ قدرتی نظام اور ماحول بھی برقرار رہے اور موجودہ اور آئندہ نسلوں کی ضروریات بھی پوری ہوں۔ پائیدار ترقی کا انحصار تین مضبوط ستونوں پر ہے، یعنی معاشی ترقی، سماجی ترقی اور ماحول کی حفاظت۔ پائیدار ترقی کئی ایک طریقہ کار، اصولوں اور متبادل راہوں کے متعلق بتاتی ہے، جن کے اپنانے سے طویل مدتی پائیداری کا مقصد حاصل ہوسکتا ہے۔ وہ اعلیٰ پیمانے، جن کے اردگرد پائیدار ترقی گردش کرتی ہے، وہ نسلوں کے درمیان رواداری، صنفی برابری، امن، برداشت، قدرتی وسائل کو محفوظ کرنا اور سماجی انصاف ہیں۔

پائیدار ترقی ایک پیچیدہ عمل ہے، جس کے تانے بانے زندگی کے ہر شعبے سے ملے ہوئے ہیں اور تعلیم ایک ایسا شعبہ ہے جس کے بغیر پائیدار ترقی کا سوچا بھی نہیں جاسکتا۔ تعلیم برائے پائیدار ترقی کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد کرتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ ان تانوں بانوں کو قائم رکھا جائے



غزل

منتظر ہے شبِ تنہائی چلے بھی آؤ
ناپ لو درد کی گہرائی چلے بھی آؤ
جب بھی دیکھیں کسی منظر میں سیاہی کا نشاں
چونک جاتے ہیں کہ شام آئی چلے بھی آؤ
یوں ہے تخریب کہ رشتوں کا نشاں تک بھی گیا
بے مروت سی ہے مہنگائی چلے بھی آؤ
ترے ملنے سے بھی ہے ترکِ ملاقات سوا
ہوگی رسوائی پہ رسوائی چلے بھی آؤ
اتنا ٹوٹے کہ تباہی کے نشاں ہیں معدوم
خوب کی زلزلہ پیمائی چلے بھی آؤ
پر بریدہ ہے مگر اڑنے پہ پر تولتا ہے
تیر امحسن بھی ہے سودائی چلے بھی آؤ

سید شاہد محسن (لاہور)

دل کو خوشی کے ساتھ ساتھ ہوتا رہا ملال بھی

تحریر: الطاف حسن قریشی

اللہ کا شکر ہے کہ عیدالفطر پاکستان اور پورے عالمِ اسلام میں غیر معمولی مذہبی عقیدت سے منائی گئی۔ پاکستان اِن دنوں دہشت گردی کی زد میں ہے، لیکن عید کے روز پورا ملک پُرامن رہا۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ یورپ اور اَمریکہ میں بھی عیدالفطر کے اجتماعات غیرمسلموں کی توجہ کا مرکز بنے رہے۔ برطانیہ کے شہر بریڈفورڈ میں عید کے اجتماعات غیرمسلموں کے لیے غیرمعمولی اہمیت اختیار کرگئے اور عالمی میڈیا نے اُن کی نہایت عمدہ کوریج بھی کی۔ امریکی صدر نے اپنی اور عوام کی طرف سے مسلمانوں کو عید مبارک پیش کی ہے۔ پاکستان میں جرمن سفیر شلوار قمیص پہنے عوام کی خوشیوں میں شریک ہوئے۔ چین کی طرف سے بھی عید مبارک کی صدائیں بلند ہوئیں۔ دنیا کے اہم دارالحکومتوں میں افطار پارٹیوں کا بھی اہتمام کیا جاتا رہا۔ یہ رمضان المبارک کی برکتوں کا اعجاز ہے کہ پوری دنیا پر شادمانی کی کیفیت طاری رہی اور باہمی احترام کے رشتے بتدریج مضبوط ہوتے جارہے ہیں۔ پاکستان میں بیشتر غیرملکی سفیر عید کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے اور خوشی کا بے محابا اظہار کررہے تھے۔

خوشی کے اِن لمحات میں یہ سوگوار منظر بھی دیکھنے میں آیا کہ جناب عمران خان، جو ریاستِ مدینہ قائم کرنے کے جذبے سے سرشار ہیں، اُنہیں عید کے روز اُن کا کوئی رشتے دار اَور پارٹی لیڈر ملنے نہیں آیا۔ دوسرا روز بھی شدید تنہائی میں گزر گیا۔ مَیں نے اُن کی یہ بے بسی شدت سے محسوس کی اور مجھے بہت ملال ہوتا رہا۔ خوشی کے اِس موقع پر حکومت کی یہ ذمے داری تھی کہ وہ اَیسا ماحول پیدا کرتی جس میں عمران خان بھی خوشی محسوس کرتے اور اَپنے عزیز و اَقارب اور قریبی دوستوں سے گلے ملتے اور عید کی شادمانیوں سے لطف اندوز ہوتے۔ اِس کا مداوا ہونا چاہیے۔

ہمیں یہ جو پُرسکون اور خوش رنگ ماحول میسّر آیا، اِس کے لیے ہمیں اپنے رب کریم کا شکرگزار ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے دفاعی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھی خراجِ عقیدت پیش کرنا چاہیے جو عوام کی جان و مال اور آبرو کی حفاظت کے لیے پوری طرح چوکس ہیں اور ہمارے فرض شناس افسر اور جوان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے دشمن کا ہر وار ناکام بنا رہے ہیں۔ اِس شاندار عمل میں پاکستان کی مسلح افواج کے سپہ سالار جنرل سیّد عاصم منیر کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ اُنھوں نے عید اگلے مورچوں میں تعینات افسروں اور جوانوں کے ساتھ منائی اور خیبرپختونخوا میں اُن علاقوں کا دورہ کیا جو دہشت گردی کا شکار چلے آرہے ہیں۔ ہم اپنی فوج کو سلام پیش کرتے اور اَپنے عظیم سپہ سالار سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں کہ رمضان کے مبارک مہینے میں اُن کی والدہ محترمہ خالقِ حقیقی سے جاملیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند فرمائے۔ ہمیں اُن پر فخر ہے کہ اُنہوں نے ایک ایسے بیٹے کو جنم دیا جس کے سینے میں اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب محفوظ ہے اور وُہ قائدِاعظم کے پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے اور اِسے عالمی برادری میں ایک باوقار مقام دلانے کے لیے شب و روز کام کررہے ہیں۔ وہ اَپنے اِس غیرمتزلزل عزم کا بار بار اِظہار کررہے ہیں کہ وہ اَپنی سرزمین کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلا کر دم لیں گے اور سخت فیصلوں کے ذریعے قانون کی حکمرانی قائم کریں گے۔ ہمارے وہ تمام عظیم شہری جو پاکستان اور اِس کے آئین سے قلبی تعلق رکھتے ہیں، اُنہیں اپنے سپہ سالار کے شانہ بہ شانہ کھڑا رہنا چاہیے کیونکہ ہمارے دشمن اُنہیں نشانے پر رکھے ہوئے ہیں۔

ہم نے گزشتہ کالم میں یہ تجویز کیا تھا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ہمیں اپنی پولیس فورس کو اَعلیٰ تربیت اور جدید اسلحے سے مسلح کرنا ہوگا۔ اخبارات سے ہمیں یہ اطلاع ملی ہے کہ خیبرپختونخوا حکومت نے ہماری تجویز قبول کرتے ہوئے پولیس کو یہ ذمے داری سونپ دی ہے اور ضروری وسائل بھی مہیا کردیے ہیں۔ اِس طرح دفاعی اداروں کا بوجھ قدرے کم ہو جائے گا۔ یہ پیش رفت غیرمعمولی اہمیت کی حامل ہے اور یہ توقع پیدا ہوگئی ہے کہ ملکی حالات بہتر ہوتے جائیں گے۔ اِن خوش فہمیوں کے درمیان بعض اوقات چند خدشات کی پرچھائیاں آنکھوں کے سامنے لہرانے لگتی ہیں۔ عید سے کئی ہفتوں پہلے حکومت کی طرف سے بجلی کی قیمتیں کم کرنے کے دعوے کیے جاتے رہے، مگر عید گزر بھی گئی اور بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان ابھی تک نہیں ہوا۔ اِس طرزِعمل سے عوام کو سخت مایوسی ہوئی ہے جسے خوش دلی میں تبدیل کرنے کے لیے اربابِ حکومت کو فوری اقدام کرنا ہوگا۔ بلاشبہ ہمارے حکمران ملکی حالات بہتر بنانے کے لیے خاصی تگ و دَو کررہے ہیں۔ وزیرِاعظم اور فوج کے سپہ سالار کی کوششوں سے معیشت کا اپنے پاؤ?ں پر کھڑا ہونے کا سازگار ماحول پیدا ہو رَہا ہے۔ پنجاب میں وزیرِاعلیٰ محترمہ مریم نواز بہت سرگرم نظر آتی ہیں، مگر ہماری اشرافیہ جس پر مافیاؤ?ں کا قبضہ ہے، اُسے عوام کے مسائل سے کوئی دلچسپی نہیں۔ شوگر مافیا نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ چینی کے کارخانوں کے بڑے بڑے مالکان پبلیز پارٹی میں بھی ہیں، نون لیگ کے اندر بھی اور تحریکِ انصاف میں بھی۔ اُن کی ایسوسی ایشن نے حکومت کو یقین دلایا تھا کہ چینی برآمد کرنے سے ملک میں اِس کی قلت پیدا ہوگی نہ اِس کی قیمتوں میں کوئی اضافہ ہوگا، لیکن بڑی مقدار میں چینی برآمد کرنے کے بعد پتہ چلا کہ چینی کی قلت کے ساتھ ساتھ قیمتیں بڑھتی جارہی ہیں، چنانچہ حکومت کو شکر کی قیمتیں معمول سے زیادہ مقرر کرنا پڑی ہیں۔ عوام اِس وقت بہت مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہیں۔ ملک میں کوئی ایسا نظام دکھائی نہیں دیتا جو مِل مالکان کا محاسبہ کرسکے

ذوالفقار علی بھٹو شہید

ذوالفقار علی بھٹو شہید پاکستان کے پہلے منتخب وزیراعظم جنہیں قوم قائدعوام کے نام سے بھی جانتی ہے۔ آج قوم ان کا یوم شہادت منارہی ہے۔ جنہیں ہم سے بچھڑے 46 برس بیت گئے ہیں، آج انکا یوم شہادت پورے وطن عزیز کے طول وعرض میں ہی نہیں دنیا بھر میں منایا جارہا ہے، آخر ایسی کیا بات ہے کہ قائد عوام کا داماد آج بھی قائدعوام کے نظریہ فکر کو لیکر چلتا ہوا دوسری بار مملکت خداداد پاکستان کا صدر مملکت ہے، آج بھی سندھ اور بلوچستان کے صوبوں میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، آج بھی چیئرمین سینٹ اور 2 صوبوں کے گورنر پیپلز پارٹی کے ہیں، آج بھی مرکزی وفاقی حکومت پیپلز پارٹی کی حمایت کے بغیر نہیں چل سکتی، آج بھی پاکستان میں سیاست کا محور ذوالفقار علی بھٹو شہید کے گرد گھومتا ہے۔ لوگ یا تو بھٹو کا نام لیکر سیاست کرتے ہیں یا بھٹو کی مخالفت کر کے سیاست کرتے ہیں، بھٹو شہید کی بیٹی دختر مشرق کہلاتی ہے اور پاکستان جیسی اسلامی مملکت کی پہلی وزیراعظم بنتی ہے اور دوسری بار بھی وزیراعظم بنتی ہے۔ اس کی ایک ہی وجہ ہے کہ جس طرح کا پیار، محبت، چاہت اور ہمدردی بھٹو اور اس کے فدائیوں نے عوام سے کی کسی اور نے وہ چاہت ہی نہ کی، لوگ آج بھی بھٹو سے عشق کرتے ہیں، غریب کا بھٹو آج بھی زندہ ہے، دنیا بھر میں کسی سیاستدان کے لئے ایسا لازوال عشق ومحبت اور قربانی دیکھنے کو نہیں ملتی جیسی ذوالفقار علی بھٹو کے جیالے دیتے ہیں، اگر ذوالفقار علی بھٹو کے لئے جان قربان کرنے والوں کا ذکر کروں کہ جنہیں نے خودسوزی کو ترجیح دی تو اس میں عبدالرشید عاجز، اسلم لدھیانوی، حنیف نارو، منور اور یعقوب مسیح کے نام آج بھی زندہ جاوید ہیں، پھانسی کے پھندے کو چوم کر گلے ڈالنے والوں کو یاد کریں تو محمد ادریس، عثمان غنی، رزاق جھرنا۔ ایازسموں، حمید بلوچ نمایاں ہیں۔ یہ اس لئے شہید ہوئے کہ بھٹو ان سے محبت کرتا تھا، غریب کے دل کی دھڑکن تھا، بھٹو ان کے دلوں میں کیسے بستا تھا اسکا اندازہ کوئی نہیں کرسکتا کیونکہ بھٹو ان غریب لاچار، محکوم، بے کس اور مجبور لوگوں کے حق کی آواز بن کر پھانسی کے پھندے پر جھول گیا لیکن سر نہیں جھکایا، بھٹو ایک امیر باپ کی اولاد تھا لیکن اس کی ماں امیر بیگم نام کی حد تک امیر لیکن غریب باپ کی بیٹی تھی۔ بھٹو شہید خود کہتے تھے کہ ان کی والدہ کا تعلق غریب خاندان سے تھا، غریبوں کا درد اور انکی مشکلات کا بھٹو کو اندازہ تھا، اس نے سیاست کو امیر وڈیرے کے ڈیرے سے غریب کی چوکھٹ پر پہنچایا تھا، عوام دوستی ان کی رگ رگ میں رچ بس چکی تھی۔ صدیوں سے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے، غلام ابن غلام کو ان کے سیاسی، سماجی اور بنیادی انسانی حقوق دلانے کے لئے بھٹو شہید نے کوئی دقیقہ سرگذاشت نہ چھوڑا۔ قدرت نے بھٹو شہید کی صورت میں پاکستان کے غریب عوام کو جس انمول ہیرے سے نوازا تھا ہمارے میر جعفر اور میر صادق جنرل ضیاء الحق نے اس کو امریکی اشاروں پر قربان کردیا۔ وہ صدیوں کا بیٹا تھا، سقراط کا دوسرا جنم تھا، جس کی سوچ ہمالیہ سے بلند تھی اور اسکا یہی کارنامہ سب سے بلند ہے کہ اس نے غریب کو عزت اور وقار سے سربلند کرکے جینا سکھایا، اپنے حق کی خاطر سوچنا اور بولنا سکھایا، اپنے حق کی خاطر جابر حکمران کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہونے کا حوصلہ دیا۔ بھٹو عظیم سیاستدان کے ساتھ ساتھ عظیم فلسفی بھی تھا جس نے اپنی تصانیف جیسے اگر مجھے قتل کیا گیا 1979ء۔ آزادی کا فسانہ 1969ء تیسری دنیا 1 جنوری 1977ء۔ 1971 tragedy great the New ,ism ; Bilateral 1976 Directions میں تحریر کرکے دنیا بھر کے مظلوم اور محکوم عوام کو جینے کا ہنر سکھلایا۔ ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کی سیاست جو اس سے قبل صرف 22 خاندانوں کی چوکھٹ تک محدود تھی اسے غریب کی چوکھٹ پر لا کر جاگیردار، وڈیروں اور سرداروں کو عوام کے قدموں میں لا بٹھایا۔ اور بتایا کہ اگر جنت ماں کے قدموں میں ہے تو سیاست عوام کے قدموں میں اور یہ اقدام بھی اشرافیہ کی نظر میں اس کی موت کی وجہ بنا۔ بھٹو شہید نے عالمی اسلامی سربراہی کانفرنس لاہور میں منعقد کروا کر مسلم امہ کی ترقی اور خوشحالی کی راہیں پیدا کیں، بھٹو نے مسلم امہ کے تحفظ کے لئے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھ کر ایٹم بم کا حصول ممکن بنایا، اسلامی دنیا کے وسائل، تیل کی آمدنی مسلم دنیا کے غریب اور لاچار عوام کی بہتری کے لئے خرچ کرنے کے لئے اسی بینک کا فارمولہ دیا۔ اسلامی کرنسی کی ترغیب دی، اس نے 3 سالوں میں پاکستان کو اسلامی ممالک کا لیڈر اور اسلامی دنیا نے اسے رہبر مان لیا، اگر بھٹو کے فارمولے پر عمل ہوتا تو آج نہ صرف کشمیر آزاد ہوتا بلکہ فلسطین پر بھی اسرائیلی جارحیت نہ ہوتی، عراق اور افغانستان تباہ نہ ہوتے۔ مصر اور شام کے ساتھ یمن بھی خوشحال ہوتا، لیبیا پر بھی صیحونی طاقتوں کی چڑھائی نہ ہوتی، موت تو کرنل قزافی، حافظ الاسد، شاہ فیصل، رضا شاہ پہلوی اور یاسر عرفات کو بھی آگئی لیکن سامراجی سازشوں کے ذریعے نہ آتی، مسلم امہ کی ترقی اور خوشحالی کا دور ہوتا۔

جنرل ضیاء الحق نے شخصی فوجی آمریت قائم کرنے کے بعد بھٹو شہید کو نواب احمد رضا قصوری کے جھوٹے قتل میں پھنسایا تو بھٹو شہید نے 6 مارچ 1978ء کو لاہور ہائیکورٹ میں دائر اپنی عزرداری میں لکھا کہ میں غلاموں اور نوکروں کا نمائندہ ہوں، میں مفلوک الحال عوام کا نمائندہ ہوں، تم پاکستان کو غرناطہ بنانے کی کوشش کررہے ہو یا کربلا، میں ملک کے بھوکے ننگے اور بے گھر عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان فراہم کرنے کی کوشش کررہا ہوں، عشق میں شرک اور محبت میں بے وفائی کی معافی نہیں ہوتی، محبت بھی روزے کی طرح ہوتی ہے، بے وفائی سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، میں عوام سے بیوفائی نہیں کرسکتا، بھٹو شہید نے تاریخ کے ہاتھوں مرنے سے بہتر پھانسی کے پھندے پر جھولنے کو ترجیح دی لیکن نہ تو امریکی کسی صورت کسی خفیہ ڈیل کے ذریعے حکمت عملی طے نہیں کریں گے بلکہ جو طے ہوگا وہ کھلے میدان میں ہوگا۔ اسی موقف کی وجہ سے عمران خان نے موجودہ حکومت کے ساتھ کسی قسم کا رابطہ کرنے اور کسی معاہدہ تک پہنچنے سے انکار کیا۔ وہ اگرچہ سیاسی آزادی اور جمہوری انتخاب کی بات کرتے رہے ہیں لیکن حیرت انگیز طور پر وہ یہ دعویٰ بھی کرتے تھے کہ بات چیت صرف فوج سے ہی ہوگی کیوں کہ وہی ملک میں معاملات میں حرف آخر کی حیثیت رکھتی ہے۔ پاکستانی اسٹیبلشمنٹ نے کبھی سیاسی رابطوں سے گریز نہیں کیا اگرچہ اس کا صاف طور سے اعتراف بھی نہیں کیا گیا۔ پاک فوج کے ترجمان کا



میرے بول
سہیل کوثر
sohailkoser@gmail.com

مبارک باد

تحریر احمد حسین

مارچ 25 رمضان 24 کا مبارک ترین دن، فیصل گورائیہ صاحب DSP لیگل کو کسی خاص اسائنمنٹ کے لئے تھانہ ڈنگہ گجرات کا وزٹ کرنا مقصود تھا۔ فیصل گورائیہ بہت پیارے بھائی بھی ہیں اور ہر دلعزیز افیسر بھی، مجھے فرمانے لگے احمد بھائی آپ کے بغیر نہیں جانا۔ دل نا چاہتے ہوئے بھی فیصل صاحب کے حکم اور محبت کے آگے سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ آفس سے نکلتے نکلتے تقریباً ظہر ہو چکی تھی۔ پر پیچ راستوں کو چیرتی ہوئی سرکاری جیپ اور فیصل صاحب کی مدبرانہ گفتگو نے سفر کی تھکان کا احساس تک نا ہونے دیا۔ سرکاری وزٹ کے بعد جب تھانہ ڈنگہ سے فارغ ہوئے تو کھاریاں کینٹ سے ایک پرانے اور بہت پیارے دوست نے کسی اپنے ہی کام کے لئے رابطہ فرمایا تو ہم نے بھی اپنی لوکیشن بتلانے میں زرا دیر نہیں کی۔ ظاہر ہے افطاری کی آفر آنی ہی تھی۔ باوجود اسکے کہ فیصل گورایہ صاحب سخت ترین ڈائیٹ پلان پر تھے، ہاں کرنے میں زرا تردد نا کیا۔ اس کے دو فائدے ہوئے ایک تو ڈنگہ سے کھاریاں سفر کے دوران ہمیں انتہائی خالص اور سستی شہد خریدنے کا موقع مل گیا اور ہمیں یقین تھا کہ افطاری مٹن بوفے سے لبریز ہوگی اور ہمارے یقین کو زرا بھی ٹھیس نا پہنچی۔ خیر مختصرا واپسی میاں جی ہوٹل کی چائے وہ بھی طاق رات میں فیصل گورایہ کی ہی جیب سے نا صرف گورایہ صاحب کے اجر وثواب میں ہزاروں گنا اضافے کا باعث بنی بلکہ سفر کی تھکان کو بھی آڑے ہاتھوں لیا۔ خیر آج کی تحریر کے اصل مدعا کی طرف آتے ہوئے کچھ یوں کہ اسی 25 مارچ کے دن سب انسپکٹر سے انسپکٹر پروموشن کا بورڈ جاری تھا اور ہمیں یقین تھا اس بورڈ میں ہمارے ہر دلعزیز بھائی صابر حسین، سلطان علی اور ابو بکر گورائیہ سب انسپکٹر سے پروموٹ ہو کر انسپکٹر کے عہدے پر فائز ہو جائیں گے اور شام کو سفر کی واپسی پر جب صابر صاحب نے اپنی اور دیگر ساتھیوں کی پروموشن کی خبر شیر کی یقین کریں اس خوبصورت دن کے سفر کا مزہ مزید دوبالا ہو گیا۔ میں فیصل گورائیہ صاحب کے ساتھ promoted officers کو مبارک باد پیش کرنے کا پلان کر ہی رہا تھا کہ رانا عباد صاحب DSP جنکو شائد اللہ تعالی کی طرف سے لوگوں کی عزتیں بڑھانے پر ہی مامور کیا گیا ہے، ہمیشہ کی ایک مرتبہ پھر نمبر لے گئے اور حکم جاری فرمایا کہ سیکنڈ کپ ایمن آباد حاضر ہوا جائے۔ سیکنڈ کپ پہنچتے وہاں ڈھول کی تھاپ نے جو سیکنڈ کپ کے اندر چار چاند لگائے اسکا کیا ہی کہنے تھے۔ خیر فیصل گورائیہ صاحب کی طرف سے مٹھائی اور رانا عباد صاحب کی طرف سے کافی کے اہتمام اور رانا سلطان کی گفتگو نے مبارکباد کی اس محفل کو جو چار چاند لگائے اسکے کیا ہی کہنے۔ آخر پر انٹری ابوبکر گورائیہ صاحب کی ہوئی جنکا استقبال ڈھول کی تھاپ کے پھولوں کے ہار اور دلہا پگڑی پہنا کر کیا گیا۔ اسطرح 25 مارچ کا با برکت دن اور طاق رات نا صرف نئے پروموٹی افیسرز اور انکی فیملیز کے لئے انتہائی خوشی کا دن ثابت ہوئے۔

ہمارے مردہ ضمیر اور بے حسی

آج ہم بہت ہی فکرانگیز موضوع پر بات کرنے لگے ہیں۔ نجانے ہم نے کیسے عید منائی اور ہمارے کان



سعید انور سے ملاقات میں کیا گفتگو ہوئی؟ صائم ایوب نے بتا دیا

ان سے مسجد سے ملاقات ہوئی تھی لیکن کرکٹ پر بات نہیں ہوئی' اب ملاقات ہوئی تو کرکٹ پر ضرور بات کرونگا

لاہور (آفاق دھاریوال) پاکستان کے جارح مزاج نوجوان اوپنر صائم ایوب نے بتایا ہے کہ سعید انور سے ملاقات میں کیا گفتگو ہوئی تھی۔ نوجوان اوپنر صائم ایوب سے میزبان نے سوال کیا کہ کونسا ایسا انٹرنیشنل کرکٹر ہے جسے دیکھ کر آپ کہتے تھے کہ مجھے ان کے جیسے کھیلنا ہے؟ جواب میں صائم نے کہا کہ سب سے زیادہ متاثر تب ہوتا تھا جب پاکستان ٹیم کو کھیلتا دیکھتا تھا، کھلاڑی پاکستان کے بیگز لے کر جا رہے ہوتے تھے تو سوچتا تھا کہ کاش میں بھی ایسے ہی بیگ لے کر گھر جاؤں اس میں پاکستان کا ہیلمٹ رکھوں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی ایک ایسا کھلاڑی نہیں ہے جو پسند ہے بہت سے ایسے کھلاڑی ہیں جو پسند ہیں۔ میزبان کے اصرار پر صائم ایوب نے کہا کہ سعید انور، برائن لارا، سچن ٹنڈولکر، ایڈم گلکرسٹ پسند ہیں، سعید انور سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ اوپنر بیٹر نے کہا کہ سعید انور سے کوئی خاص بات نہیں ہوئی ان سے مسجد سے ملاقات ہوئی تھی لیکن کرکٹ پر بات نہیں ہوئی کیونکہ اس وقت میں پاکستان سے نہیں کھیلا تھا وہ مجھے نہیں جانتے تھے۔ صائم ایوب نے کہا کہ اب اگر سعید انور سے ملاقات ہوئی تو ضرور کرکٹ پر بات کروں گا۔ ان سے مسجد سے ملاقات ہوئی تھی لیکن کرکٹ پر بات نہیں ہوئی' اب ملاقات ہوئی تو کرکٹ پر ضرور بات کرونگا



لاہور: آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ کوالیفائر سے قبل وارم اپ میچ کیلئے بنگلہ دیش اور اسکاٹ لینڈ کی ٹیموں کی کپتان ٹاس کیلئے اسٹیڈیم میں موجود ہیں

پی ایس ایل' ہمیں فرنچائزز کے کوئی مالکانہ حقوق حاصل نہیں' علی ترین

ملتان (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی سابق چیمپئن ٹیم ملتان سلطانز کے مالک علی ترین نے بورڈ کے فرنچائز ریٹینشن کے رینٹل ماڈل پر شدید تنقید کی ہے۔ کرک وک کو دیئے گئے انٹرویو میں معروف فرنچائز ملتان سلطانز کے اونر علی ترین نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور پی ایس ایل مینجمنٹ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ لیگ کی تمام فرنچائزز فی الحال ایک ''رینٹل ماڈل'' پر چل رہی ہے، جس میں ٹیموں کے مالکان کو حقیقی ملکیت حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سال فرنچائز اونرز ٹیموں کو اپنے پاس رکھنے کیلئے رینٹ (یعنی کرایا) ادا کرتے ہیں، اگر نہ دیں تو ہمیں کوئی مالکانہ حقوق حاصل نہیں ہیں جبکہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کی طرح غیر ملکی سرمایہ کاری کے مواقع بھی موجود نہیں۔ علی ترین نے کہا کہ پی سی بی نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 11 ویں ایڈیشن کیلئے 8 ٹیموں کا کوئی واضح منصوبہ تاحال پیش نہیں کیا، اسی طرح اگر ریونیو شیئرنگ کا معاملہ ہوگا تو صورتحال عجیب ہوجائے گی۔ انکا کہنا تھا کہ آئی پی ایل مالکان اپنی ٹیمیں کسی کو بھی فروخت کرسکتے ہیں، البتہ بورڈ یہ دیکھتا ہے کہ اسکے پاس کتنا پیسا اور کس طرح ٹیم لیکر چل سکتا ہے۔

بہت سی چیزیں میرے ہاتھ میں نہیں، مشورہ بھی نہیں لیا جاتا، محمد رضوان

تنقید کرنا آپ کا حق ہے بطور لیڈر اپنی غلطی مانتا ہوں، بہت سی چیزوں میں بہتری لانا ہوگی' انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے نیوزی لینڈ سے وائٹ واش پر اپنی غلطی تسلیم کرلی۔ ایک انٹرویو میں کپتان محمد رضوان نے کہا کہ تنقید کرنا آپ کا حق ہے بطور لیڈر اپنی غلطی مانتا ہوں، بہت سی چیزوں میں بہتری لانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہم چالیس اوورز تک اچھا کھیلتے ہیں لیکن فنش نہیں کرپاتے، گیم اویئرنس کی اب بھی کمی ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ ٹی 20 سے ڈراپ کرنے کا فیصلہ مینجمنٹ کا تھا جسے تسلیم کیا، بہت سی چیزیں ہمیں معلوم نہیں نہ ہی ہم سے مشورہ لیا جاتا ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ نیوزی لینڈ کو تمام کریڈٹ دوں گا، وہ ہر شعبے میں ہم سے اچھا کھیلے، نیوزی لینڈ نے ایشین کنڈیشنز میں بھی اچھا پرفارم کیا تھا اور اس سیریز میں بھی اچھی کرکٹ کھیلی۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل ہونے جارہی ہے، امید ہے کھلاڑی عمدہ پرفارمنس دیں گے۔ واضح رہے کہ نیوزی لینڈ نے پاکستان کو تیسرے ون ڈے میچ میں ہرا کر 3 میچز کی سیریز 3-0 سے جیت لی ہے۔ ون ڈے سیریز سے قبل نیوزی لینڈ نے 5 میچز کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں پاکستان کو 4-1 سے شکست دی تھی۔ بہت سی چیزیں میرے ہاتھ میں نہیں، مشورہ بھی نہیں لیا جاتا، محمد رضوان۔

نیوزی لینڈ میں پاکستانی ٹیم کو برا بھلا کہنے والا افغان شہری نکلا

سنگین نوعیت کے واقعے کی انکوائری جاری ہے اور ٹیم منیجر اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں، ذرائع

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرے ون ڈے میچ میں شکست کے بعد پاکستانی کرکٹر خوشدل شاہ کے تماشائی سے الجھنے کے معاملے کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ ذرائع کے مطابق تماشائی کی جانب سے پشتو میں پاکستان ٹیم کو برا بھلا کہا گیا تماشائی کے بارے میں ابتدائی طور پر بتایا گیا ہے کہ وہ افغان شہری تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعے کی انکوائری جاری ہے اور ٹیم منیجر اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں، یہ ایک سنگین نوعیت کا واقعہ ہے معاملہ دیکھ رہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ بورڈ اس معاملے پر خوشدل شاہ کے ساتھ ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی انتظامیہ نے غیر ملکی شائقین کی جانب سے قومی پلیئرز سے بدزبانی کی مذمت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ غیر ملکی شائقین نے گراؤنڈ میں موجود کرکٹرز کے بارے میں نازیبا الفاظ ادا کیے۔ پاکستان مخالف آوازیں کسنے پر خوشدل شاہ نے غیر ملکی شائقین کو منع کیا، منع کرنے پر افغان شائقین نے پشتو میں مزید نازیبا الفاظ ادا کیے۔ بعدازاں 2 افغان شائقین نے خوشدل شاہ سے ہاتھا پائی کی کوشش بھی کی جس کے بعد پاکستان ٹیم کی شکایت پر 2 غیر ملکی شائقین کو اسٹیڈیم سے باہر نکال دیا گیا۔



پانچ اپریل 2025 کو ماؤنٹ مانگنوئی کے بے اوول سٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور پاکستان کے درمیان تیسرے ایک روزہ ون ڈے میچ کے دوران تماشائیوں کی جانب سے جملے بازی پر پاکستانی کھلاڑی خوشدل شاہ کا ردعمل دے رہے ہیں (اے ایف پی)

وکٹ تو چہل لے ہی لے گا، آرجے مہاوش کی نئی ویڈیو سامنے آگئی

نئی دہلی (این این آئی) کیا بھارتی ریڈیو جوکی (آرجے) مہوش کی کرکٹر یوزویندر چہل سے متعلق نئی ویڈیو نے ڈیٹنگ کی افواہوں کو تقویت دی ہے؟ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق مہوش اور چہل کی ڈیٹنگ کی افواہیں پہلی بار دسمبر 2024ء میں اُس وقت سامنے آئیں جب سوشل میڈیا پر ایک تصویر شیئر کی گئی، جس میں وہ کرکٹر کے ساتھ کرسمس مناتے نظر آئیں۔ دھن شری ورما اور یوزویندر چہل کی علیحدگی کے بعد ایک بار پھر آرجے مہوش کی ڈیٹنگ کی افواہیں ہیڈ لائن بنا رہی ہیں، دونوں کو اکثر ایک ساتھ دیکھا گیا ہے، کہا جاتا ہے کہ دونوں کا رشتہ رومانوی ہے۔ ان خبروں کے درمیان ایک ویڈیو سامنے آئی ہے، جس میں وہ بھارتی کرکٹر کیلئے خوش ہیں، ایک ایپلی کیشن کے اشتہار پر مبنی ویڈیو میں مہوش کرکٹ ٹیم بنانے اور پیسہ کمانے سے متعلق بات کرتی ہیں۔ ویڈیو کے آخر میں خاتون آرجے کہتی ہیں کہ 'ٹیم بناؤ؟ اور پیسہ کماؤ؟ کیونکہ وکٹ تو چہل لے ہی لے گا'۔ کرسمس کے بعد دونوں ایک ساتھ کئی جگہوں پر نظر آئے ہیں، چہل کے ساتھ بعض ایک پراسرار لڑکی دیکھی گئی ہے، جس سے متعلق انٹرنیٹ صارفین کا دعویٰ ہے۔

ہمارا بورڈ پروفیشنل ہوتا تو آپ یہاں نہیں ہوتے، سکندر بخت کی رضوان پر شدید تنقید

فہیم اشرف 120 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے بولنگ کررہے تھے، آپ نے تیسرے اوور میں سلپ ہٹا دی' کیا یہ پروفیشنل تھا

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر سکندر بخت نے نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز میں پاکستان کے وائٹ واش ہونے کے بعد محمد رضوان کی کپتانی پر شدید تنقید کی ہے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف تین میچوں میں لگاتار شکست کے بعد محمد رضوان کی کپتانی تنقید کی زد میں ہے، نجی چینل پر بات کرتے ہوئے سکندر بخت نے کہا کہ محمد رضوان نے پروفیشنلزم کی کمی کی بات کی، میں مانتا ہوں، اگر ہمارے پاس پروفیشنل کرکٹ بورڈ ہوتا تو آپ وہاں نہ ہوتے۔ تیسرے ون ڈے کے بعد اپنے ماہرانہ تجزیے میں سکندر بخت نے نیوزی لینڈ کی بیٹنگ کے دوران ناقص کپتانی اور بولنگ میں خراب تبدیلیاں کرنے پر محمد رضوان کو آڑے ہاتھوں لیا۔ سکندر بخت نے کہا کہ میں آپ کی کپتانی کی بات کرتا ہوں، اگر ہمارا کرکٹ بورڈ پروفیشنل ہوتا تو آپ وہاں نہ ہوتے، آپ نے بولنگ میں خوفناک تبدیلیاں کیں، سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ فہیم اشرف 120 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے بولنگ کررہے تھے، یہ کوئی سلو بولنگ نہیں تھی، یہ اس کی اصل رفتار تھی، آپ نے کپتانی کرتے ہوئے تیسرے اوور میں سلپ ہٹا دی، کیا یہ پروفیشنلزم تھا، آپ کس طرح کی کپتانی کررہے تھے۔ خیال رہے کہ محمد رضوان کی قیادت میں بارش سے متاثرہ تیسرے اور آخری ون ڈے میں بھی گرین شرٹس کو 43 رنز سے شکست ہوئی، مہمان ٹیم 265 رنز کا تعاقب کرنے میں ناکام رہی۔ بابر اعظم اور رضوان نے 50 اور 37 رنز کی اننگز کھیلی لیکن میچ نہ جتوا سکے۔

بابر اعظم بطور بیٹر کامیاب، ٹیم مین کی حیثیت سے ناکام

کراچی (این این آئی) نیوزی لینڈ کے ساتھ ون ڈے سیریز میں بابر اعظم بطور بیٹر کامیاب رہے البتہ ٹیم مین کی حیثیت سے ناکام رہے۔ بابر اعظم نے 3 میچز میں 43 کی اوسط سے سب سے زیادہ 129 رنز بنائے، اس میں 2 نصف سنچریاں شامل رہیں، ان کی بہترین انفرادی کاوش 78 رنز رہی، البتہ وہ کوئی میچ فنش نہ کرپائے اور پاکستان کو کلین سویپ کا سامنا کرنا پڑا۔ فہیم اشرف نے 2 میچز کھیل کر 38 کی اوسط سے 76 رنز نام بنائے، سلمان علی آغا نے 3 مواقع ملنے پر 26 کی اوسط سے 78 رنز بنائے، ان کی بہترین کاوش 58 رنز رہی۔ عثمان خان نے 2 میچز میں 25.50 کی اوسط سے 51 رنز بنائے، ان کی بہترین اننگز 39 رنز رہی۔ کپتان محمد رضوان نے 3 میچز میں 24 کی اوسط سے 72 رنز نام بنائے، ان کی بہترین کاوش 37 رنز رہی، عبداللہ شفیق نے سیریز کے تینوں میچز کھیل کر مجموعی طور پر 72 رنز اسکور کیے، ان کی اوسط 23.33 رہی، 36 بہترین اننگز شمار ہوئی۔ نسیم شاہ نے ٹیل اینڈرز میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے۔

ویمنز ورلڈکپ کوالیفائر' وارم اپ میچ میں ویسٹ انڈیز نے آئرلینڈ کو 5 وکٹ سے ہرا دیا

لاہور (آفاق دھاریوال) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ویمنز ورلڈکپ کوالیفائر میں کھیلے گئے وارم اپ میچ میں ویسٹ انڈیز نے آئرلینڈ کو 5 وکٹ سے شکست دے دی۔ لاہور میں کھیلے گئے وارم اپ میچ میں ویسٹ انڈیز ویمنز ٹیم نے آئرلینڈ کو مات دے دی۔ آئرلینڈ ویمنز ٹیم نے پہلے بیٹنگ کی اور مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹ پر 248 رنز بنائے، لاؤرا ڈیلانی 67 رنز بنا کر ناقابل شکست رہیں۔ ویسٹ انڈیز ٹیم نے 249 رنز کا ہدف 42 ویں اوور میں حاصل کرلیا، ہیلی میتھیوز 55 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں جبکہ اسٹیفنی ٹیلر نے 53 اور زیدہ جیمز نے 47 رنز بنائے۔ آئرلینڈ ویمنز ٹیم نے 248 رنز بنائے، ویسٹ انڈیز نے 249 رنز کا ہدف 42 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ ہیلی میتھیوز 55 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں جبکہ اسٹیفنی ٹیلر نے 53 اور زیدہ جیمز نے 47 رنز بنائے



لاہور: آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ کوالیفائر میں شریک آئرلینڈ، تھائی لینڈ، بنگلہ دیش، پاکستان، سکاٹ لینڈ اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کی کپتانوں کا ٹرافی کے ہمراہ گروپ فوٹو



لاہور: آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ کوالیفائر راؤنڈ، ہیڈ کوچ محمد وسیم ٹریننگ سیشن کے دوران کھلاڑیوں کو لیکچر دے رہے ہیں







پاکستانی اسٹار جوڑی دانش تیمور اور عائزہ خان کی تصاویر فینز میں مقبول ہوگئیں

ساںتیاگو (شوبز ڈیسک) پاکستانی اسٹار جوڑی یورپ میں چھٹیاں گزار رہا ہے اور ان چھٹیوں کی دانش تیمور اور عائزہ خان کی ریئل میڈرڈ کا فٹبال میچ دیکھتے ہوئے لی گئیں خاص تصاویر فینز میں مقبول ہوگئیں۔ دانش تیمور اور عائزہ خان کا شمار پاکستان کے سب سے مشہور اور پسندیدہ سیلیبرٹی جوڑوں میں ہوتا ہے۔ دونوں اداکاروں کی شادی 2014 میں ہوئی تھی اور ان کے دو بچے حورین اور ریان ہیں جو انکے شادی کے رشتے کو مزید مضبوط کر گئے۔ دونوں اپنے اپنے شعبے میں کامیاب اداکار ہیں اور اپنے ڈراموں سے ناظرین کے دلوں پر حکمرانی کرتے ہیں۔ عائزہ کو ان کی خوبصورتی اور شاندار پرفارمنس کے لیے جانا جاتا ہے، جبکہ دانش کو ان کے سنجیدہ ولن کے کرداروں اور ایکشن پیکڈ رولز کے لیے پسند کیا جاتا ہے۔ یہ جوڑا اس وقت کو یادگار بناتے ہوئے دونوں نے ایک ساتھ پوری تیاری سے رئیل میڈرڈ کا میچ بھی دیکھا جس کی تصاویر انہوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر بھی کیں۔ یہ جوڑا 5 اپریل کو سانتیاگو برنابیو اسٹیڈیم میں رئیل میڈرڈ اور ویلنسیا کے درمیان ہونے والے میچ کا مشاہدہ کررہا تھا۔







جب علی ظفر کو اپنا ہی بھولا ہوا گانا شاہ رخ خان نے یاد دلایا

کراچی (شوبز رپورٹر) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی گلوکار علی ظفر نے بالی وڈ کے کنگ شاہ رخ خان کے ساتھ گزرے سنہرے دنوں کی یادیں تازہ کرلیں۔ بیشمار لازوال اور مقبول ترین گانے گانے والے علی ظفر نے بالی ووڈ میں اپنے کیریئر کا آغاز 2010 میں فلم ''تیرے بن لادن'' سے کیا، جس میں ان کی اداکاری اور منفرد مزاحیہ انداز کو خوب سراہا گیا، یہ فلم باکس آفس پر کامیاب رہی اور علی ظفر کو ایک باصلاحیت اداکار کے طور پر متعارف کرایا۔ اس کے بعد انہوں نے ''میرے برادر کی دلہن''، ''لندن، پیرس، نیویارک''، ''چشم بدور'' اور ''کل دل'' جیسی فلموں میں کام کیا۔ ان فلموں میں علی نے نہ صرف اداکاری کے جوہر دکھائے بلکہ اپنی گلوکاری سے بھی ناظرین کو متاثر کیا، جس سے ان کی ہمہ جہت فنکارانہ صلاحیتیں سامنے آئیں۔ ان کی نرم مسکراہٹ، رومانوی انداز اور شائستہ شخصیت نے بھارتی ناظرین میں انہیں مقبول بنایا۔ اگرچہ بعد میں کچھ سیاسی اور سفارتی وجوہات کی بنا پر پاکستانی فنکاروں پر بھارت میں پابندیاں لگ گئیں، لیکن علی ظفر کی بالی ووڈ میں موجودگی نے ایک وقت میں دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تعلقات کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

اقوامِ متحدہ میں آسکر ایوارڈ یافتہ فلم نو ادر لینڈ کی خصوصی نمائش



نیویارک (شوبز ڈیسک) اقوامِ متحدہ میں آسکر ایوارڈ یافتہ فلم نو ادر لینڈ کی خصوصی نمائش کی گئی جس میں فلسطینی ہدایتکار نے دردبھری اپیل بھی کردی۔ اقوامِ متحدہ میں آسکر ایوارڈ حاصل کرنے والی دستاویزی فلم نو ادر لینڈ کی خصوصی اسکریننگ کا اہتمام کیا گیا، جس میں فلم کے ہدایتکار اور سماجی کارکن باسل الدرا نے شرکت کی اور فلسطین میں جاری انسانی بحران پر خطاب کیا۔ فلم کی اسکریننگ اقوامِ متحدہ کی ایک خصوصی کمیٹی کی جانب سے کی گئی جس کا مقصد عالمی برادری کو فلسطین میں اسرائیلی مظالم، خاص طور پر مغربی کنارے میں شدت پکڑتے تشدد سے آگاہ کرنا تھا۔ باسل الدرا نے نا صرف فلم کی جھلکیاں پیش کیں بلکہ غزہ اور مغربی کنارے میں فلسطینی عوام کو درپیش سنگین حالات پر روشنی ڈالی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فلسطینی ہدایتکار نے کہا کہ میری خواہش تھی کہ دنیا دیکھے کہ ہم کس طرح اس سرزمین پر رہتے ہیں اور روزانہ کن ظالمانہ حالات کا سامنا کرتے ہیں، فلم نے آسکر جیتا، لیکن ہماری حقیقت بدستور اذیت ناک ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر گزرتے دن کے ساتھ مغربی کنارے میں حملوں کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے، ایسا لگتا ہے کہ ہم آسکر جیسے عالمی اعزاز کے باوجود اپنی اصل حقیقت کی طرف لوٹ آئے ہیں۔ باسل الدرا نے اقوامِ متحدہ کے پلیٹ فارم سے عالمی ضمیر کو جھنجوڑتے ہوئے کہا کہ ہم فن کے ذریعے سچ دکھاتے ہیں، لیکن ہمیں انصاف کے لیے صرف ایوارڈز نہیں، عملی اقدامات درکار ہیں، فلسطینیوں کی زندگیاں خطرے میں ہیں اور ہر دن ان پر قیامت بن کر گزر رہا ہے۔ نو ادر لینڈ ایک طاقتور اور حقیقت پر مبنی دستاویزی فلم ہے جو فلسطینی اور اسرائیلی فلم سازوں کے تعاون سے تخلیق کی گئی ہے۔ فلم میں مغربی کنارے میں آبادکاروں کے بڑھتے ہوئے حملے، فلسطینیوں کے گھروں کی مسماری اور روزمرہ زندگی میں ہونے والی انسانی حقوق کی پامالیوں کو نہایت موثر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

ماڈل و اداکار سمیع خان کی شوبز سے وابستہ افراد کے اعزاز میں عید ملن پارٹی

عید ملن پارٹی میں ماڈلز اداکاروں اور گلوکاروں کی شرکت موسیقی کی محفل بھی جمائی گئی



لاہور (میاں انجم شہزاد) ماڈل و اداکار سمیع خان کی جانب سے شوبز سے وابستہ افراد کیلئے عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا جس میں ماڈل و بیوٹیشن ثمرہ ایمان، گلوکار سونو ڈینجرس، گلوکار احسن، رطبا خان، شارال ضیا، ماری خان، گلوکار عمیر خان، صائم علی، مریم خان، اور فیصل سمیت دیگر نے شرکت کی اس موقع پر گلوکار سونو ڈینجرس، احسن عباس، ربکا سلیم اور عمیر خان نے خان نے اپنی آواز خان جادو جگاتے ہوئے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کیا جبکہ تقریب میں ماڈل و اداکارہ رطبا خان کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا اداکار سمیع خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عید کی خوشی کے موقع پر دوستوں کے ساتھ اس طرح تقریبات میں مل بیٹھنے کا موقع حاصل ہوجاتا ہے عید کی خوشیاں دوبالا ہوجاتی ہیں سمیع خان کا مزید کہنا تھا کہ ان دنوں فلم شوٹنگ میں حصہ لینے کے ساتھ ساتھ چند ماڈلنگ پروجیکٹ بھی کررہا ہوں۔

صبا قمر کا ساحل کنارے پرسکون سالگرہ کا جشن

اداکارہ صبا قمر زندگی کی ہر چھوٹی بڑی خوشیوں کو کھل کر جیتی ہیں



کراچی (شوبز رپورٹر) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی اداکارہ صبا قمر نے ساحل کنارے پرسکون ماحول میں سالگرہ کا کیک کاٹ کر سوشل میڈیا پر رونق لگادی۔ صبا قمر کا شمار ان ورسٹائل شخصیات میں کیا جاتا ہے جو اپنی زندگی کا ہر لمحہ کھل کر جینے کی امنگ لیے پیدا ہوتی ہیں، زندگی کی ہر چھوٹی بڑی خوشیوں کو کھل کر جیتی ہیں اور پھر بات جب خود کے جنم دن کی ہو تو پھر دور کہیں پرسکون ماحول کی تلاش میں نکل پڑتی ہیں۔ ایسا ہی کچھ انکی سالگرہ کے حالیہ جشن میں دیکھنے کو ملا جب انہوں نے ساحل کنارے پرسکون ماحول میں سالگرہ منانے کا فیصلہ کیا۔ ماڈلنگ و اداکاری کے ساتھ ساتھ میزبانی کی دنیا میں بھی خوب نام کمانے والی صبا قمر ایک باصلاحیت اور پاکستان کی صفِ اول کی اداکارہ ہیں۔ اداکارہ صبا قمر نے اپنے کریئر کا آغاز 2004 میں کیا اور پھر اداکاری کی دنیا میں قدم جمانے کے بعد کبھی پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔

متنازع لباس، عرفی جاوید نے فوٹو گرافر کو دیکھ کر منہ چھپالیا

جیسے ہی عرفی جاوید کی نظر فوٹو گرافرز پر پڑی تو اس سے قبل کے کیمرے کھلتے انھوں نے اپنا منہ چھپالیا



کراچی (شوبز رپورٹر) عجیب و غریب قسم کے ڈیزائن والے لباس زیب تن کرکے خبروں کی زینت بننے والی عرفی جاوید نے فوٹو گرافر کو دیکھ کر حیران کن طور پر اپنا منہ چھپالیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز میں دیکھا جاسکتا ہے کہ یہ واقعہ ایک ایئرپورٹ کے باہر پیش آیا۔ عرفی جاوید فوٹو گرافرز کی موجودگی سے بے خبر ایئرپورٹ سے باہر آئیں۔ انھوں نے کیپ لگایا ہوا تھا اور چشمہ بھی پہنی ہوئی تھیں۔ روایت کے برعکس روفی جاوید نے بہت مناسب اور آرام دہ لباس پہنا ہوا تھا۔ ڈھیلی ڈھالی سی ٹی شرٹ کے اوپر جینز کی جیکٹ بھی پہنی ہوئی تھی۔ تاہم جیسے ہی عرفی جاوید کی نظر فوٹو گرافرز پر پڑی تو اس سے قبل کے کیمرے کھلتے انھوں نے اپنا منہ چھپالیا۔ فوٹو گرافرز کہاں رکنے والے تھے جس پر عرفی جاوید بابار یہی کہتی رہیں کہ میری حالت تو دیکھو اور اس وقت تصاویر مت بناؤ۔ تاہ فوٹو گرافرز نے عرفی جاوید کا پیچھا نہیں چھوڑا اور ان کے گاڑی میں بیٹھنے میں تک مسلسل تصویریں بنانے کی کوشش کرتے رہے۔ یہ تو واضح نہیں کہ آخر فوٹو شوٹ کی دلدادہ عرفی جاوید نے تصاویر بنوانے سے کیوں منع کیا لیکن کہا جارہا ہے کہ اس کی وجہ ان کا میک اپ میں نہ ہونا تھا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایڈیشنل کمشنران لینڈ ریونیو کا شہر کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ، POS کی تنصیب کا جائزہ

ہر کاروباری مراکز FBR کے سسٹم کے ساتھ منسلک ہو، ورنہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو FBR گوجرانوالہ حسن مبرور نے ان لینڈ ریونیو آفیسرز غلام ساجد، ناصر علی شاہ، ثاقب نذیر تارڑ و دیگر کے ہمراہ شہر کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا اور POS کی تنصیب کا جائزہ لیا۔ انھوں نے تاجران اور دوکانداروں پر زور دیا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہر کاروباری مراکز FBR کے سسٹم کے ساتھ منسلک ہو، ورنہ ان کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کچھ پی او ایس ٹیئر ون ری ٹیلرز صارفین کو جعلی رسید یں جاری کر رہے ہیں، صارفین جعلی رسید آسان ٹیکس ایپ کے ذریعے رپورٹ کریں، رسید پر ٹیکس آسان موبائل ایپ کے ذریعے کیو آر کوڈ موجود ہونے کی تصدیق کریں، صارفین دکاندار سے پکی رسید لینے سے صاف انکار کریں۔ صارفین جعلی رسید ملنے کی صورت میں اپنی لوکیشن شیئر کریں۔ رسید یا اسے جاری کرنے والے ٹیئر ون ری ٹیلر یا ریسٹورنٹ کی تصویر بنائیں، یہ تمام شواہد ایف بی آر آسان ٹیکس ایپ کے ذریعے پوسٹ کریں تاکہ ذمہ داران کے خلاف موثر کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

عوام کو ریونیو ریکارڈ کی فراہمی کے سلسلہ میں بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر سو فیصد عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے اراضی ریکارڈ سینٹر میں عوامی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریونیو ریکارڈ کی فراہمی کے سلسلہ میں بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر سو فیصد عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے، اور اس سلسلہ میں عوام کو درپیش مسائل کا فوری طور پر ازالہ کیا جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن اور پلس پراجیکٹ کے تحت امور کی انجام دہی کے لیے مسلسل سے کام کیا جائے اور کوشش کی جائے کہ غلطیوں سے پاک اور شفاف ڈیٹا مرتب کیا جائے، انہوں نے ارادی ریکارڈ سینٹر میں سائلین سے مسائل دریافت کی اور ان کے فوری حل کے احکامات جاری کیے، دریں اثناء ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کی عیادت کی اور انہیں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں ہسپتال انتظامیہ کو احکامات جاری کیے انہوں نے کہا کہ بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں ہرگز کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

ڈپٹی انجینئرنگ ایڈوائزر انسپکٹر الیکٹریسٹی اور معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر چوہدری محمد ندیم کمبوہ کی ملاقات

حکومت انشاء اللہ عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور حل کے لیے کوشاں ہے



دیپالپور (کھیل رپورٹر زاہد عمران جنجوعہ) وفاقی وزیر برائے آبی وسائل میاں محمد معین خاں وٹو کے ساتھ ان کے آبائی گاؤں حویلی لکھا میں شہروز خاں ڈپٹی انجینئرنگ ایڈوائزر انسپکٹر الیکٹریسٹی اور معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر چوہدری محمد ندیم کمبوہ کی گزشتہ روز ملاقات ہوئی ملاقات کے موقع پر میاں معین وٹو نے کہا کہ مجھے وفاقی وزیر بنانا وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا مجھ پر اعتماد ہے اور انشاء اللہ ان کے اس اعتماد پر پورا اتروں گا مسلم لیگ نون کی حکومت انشاء اللہ عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ اگاہ ہے اور حل کے لیے کوشاں ہے پنجاب میں صاف پانی پروجیکٹ کو اگر مخالفین ختم نہ کرتے تو آج پورے پنجاب میں ہر گاؤں میں صاف پانی موجود ہوتا پروجیکٹ کی سزا میاں محمد شہباز شریف کو دی گئی پاک فوج نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے اس موقع اہلیان علاقہ نے وفاقی وزیر میاں معین وٹو کو روایتی پنجاب کی پگڑی باندھ دی جبکہ نوریز خان نے میاں معین وٹو وفاقی وزیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی

بزم غلامانِ عباسیہ کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان روحانی محفل پاک کا انعقاد کیا گیا

آخر میں جناب قبلہ پیر سید مظہر حسین شاہ بخاری نے تمام اہل اسلام مریدین کے لیے خصوصی دعا کی



مرید کے (کھیل رپورٹر) بزم غلامانِ عباسیہ کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان روحانی محفل پاک کا انعقاد کیا گیا، جس میں حضور قبلہ پیر سید مظہر حسین شاہ بخاری، پیر سید سجاد علی شاہ بخاری چراہ شریف اسلام آباد سے خصوصی شرکت، تفصیلات کے مطابق مرید کے شیخوپورہ روڈ ڈیرہ الاٹیاں میں بیٹھمان نظر پیر سید عباس علی شاہ بخاری اور معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر چوہدری محمد ندیم کمبوہ کی گزشتہ روز ملاقات ہوئی ملاقات کے موقع پر میاں معین وٹو نے کہا کہ مجھے وفاقی وزیر بنانا وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا مجھ پر اعتماد ہے اور انشاء اللہ ان کے اس اعتماد پر پورا اتروں گا مسلم لیگ

اپنی حاضری لگوائی محفل پاک میں سادات اکرام علماء اکرام شناء خوانان مصطفیٰ، انجمن تاجران مرید کے اور علاقہ بھر سے عاشقان رسول کی کثیر تعداد نے شرکت کی خصوصی خطاب جناب قبلہ پیر سید سجاد علی شاہ بخاری نے فرمایا خطبہ میں ان کا کہنا تھا کے مومن وہ ہوتا ہے جس کے سامنے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اس کا دل خوشی سے جھوم اٹھتا ہے مومن کے سامنے تلاوت قرآن پاک کی جاتی ہے تو ان کی ایمانی کیفیت اور بھر جاتی ہے ہمیں اپنے دلوں میں اللہ کی یاد کو ہر وقت سمائے رکھنا چاہیے فلسطین کے مسلمانوں کے کے لیے خصوصی دعا کی گئی آخر میں جناب قبلہ پیر سید مظہر حسین شاہ بخاری نے تمام اہل اسلام مریدین کے لیے اور پاکستان کی ترقی اور حفاظت کے لیے خصوصی دعا کی اس موقع پر وسیع لنگر کا انتظام بھی کیا گیا تھا

سینئر صحافی اعظم رضا راول کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام

دعوت کے اہتمام پر رانا عثمان، رانا نواز بھائی کا تہہ دل سے مشکور ہوں: گفتگو

سردار مبشر، ملک آصف، میاں ظفر اقبال، حاجی افضل، چوہدری سلطان ظفر، رانا سعید خاں کی بھی شرکت



سمندری (تحصیل رپورٹر) سینئر صحافی اعظم رضا راول کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام، صحافی رانا محمد عثمان خاں، سماجی شخصیت رانا محمد نواز خاں کی جانب سے کی جانے والی دعوت پر ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ گفتگو۔ تفصیلات کے مطابق معروف وسینئر صحافی سابق جنرل سیکرٹری سمندری پریس کلب محمد اعظم رضا راول، سماجی شخصیات سردار مبشر حیات گجر، ملک آصف روف کے اعزاز میں صحافی رانا عثمان خاں، سماجی شخصیت رانا محمد نواز خاں آف ڈجکوٹ کی جانب سے پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر میاں ظفر اقبال، حاجی افضل طاہر، چوہدری سلطان ظفر، رانا سعید خاں، چوہدری محمد بوٹا بھی موجود تھے۔ پر خلوص دعوت کے اہتمام پر رانا عثمان خاں، رانا نواز خاں بھائی کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں، سینئر صحافی محمد اعظم رضا راول کی میزبان شرکاء سے گفتگو۔

مصطفی آباد: عازمین حج کا تربیتی کورس پروگرام شروع ہو گیا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) عازمین حج کا تربیتی کورس پروگرام شروع ہو گیا، مذکورہ تربیتی کورس پروگرام 6 نشستوں پر مشتمل ہوگا، ہر اتوار صبح 8 بجے سے 10 بجے ہوا کرے گا، تفصیلات کے مطابق ادارہ تربیت حج وعمرہ کمیٹی مصطفی آباد کے زیر انتظام عازمین حج کا تربیتی کورس پروگرام شروع ہو گیا، مذکورہ تربیتی کورس پروگرام 6 نشستوں پر مشتمل ہوگا، جس کا انعقاد 6 اپریل 2025 سے لیکر 11 مئی 2025 کے دوران ہر اتوار صبح 8 بجے سے 10 بجے تک مسجد عائشہ مدینہ مارکیٹ میں کیا جائے گا، ادارہ تربیت حج وعمرہ کے جنرل سیکریٹری حاجی محمد شریف نے بتایا کہ تربیتی پروگرام بالکل فری ہوتا ہے اس کا کوئی معاوضہ طلب نہیں کیا جاتا، اس تربیتی پروگرام میں عازمین حج کو بیجز، چارٹ اور مقدس تصاویر کی مدد سے مناسک حج کی ادائیگی اور مکمل طریقہ کار سے آگاہی فراہم کی جاتی ہے، جو ان کے لیے دوران حج مشعل راہ ثابت ہوگی۔

مصطفی آباد: دفتوہ سکول میں سولر پاور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر کا آغاز

عالم ویلفیئر سوسائٹی کی جانب سے سکول میں سولر پاور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر وتنصیب کا آغاز کر دیا گیا



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) دفتوہ سکول میں سولر پاور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر وتنصیب کا آغاز، صاف پانی پراجیکٹ کی تکمیل کے ساتھ ساتھ کلاس رومز کی تعمیر ومرمت، جدید تدریسی سہولیات کی فراہمی کی بھی کوشش کریں گے۔ اسامہ تنویر، تفصیلات کے مطابق عالم ویلفیئر سوسائٹی کی جانب سے سکول میں سولر پاور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر و تنصیب کا آغاز کر دیا گیا، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دفتوہ میں تعمیراتی کام کے آغاز کے موقع پر تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے عالم ویلفیئر سوسائٹی کے صدر اسامہ تنویر نے کہا کہ سکولز میں طلباء کو درپیش چیلنجز کے حل کے لیے عالم ویلفیئر سوسائٹی طلبائی، اساتذہ کے ساتھ ملکر جدوجہد کرتے رہیں گے، صاف پانی پراجیکٹ کی تکمیل کے ساتھ ساتھ کلاس رومز کی تعمیر ومرمت، جدید تدریسی سہولیات کی فراہمی کی بھی کوشش کریں گے۔ جنرل سیکرٹری پلوشہ تنویر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی تعلیم کے حصول کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ سکول سے باہر رہ جانے والے طلبا کا اعتماد جیتنے کی ضرورت ہے جلد از ولمنٹ کمیٹی کے ذریعے بچوں کے والدین کو سکول میں داخلہ کے لیے قائل کریں گے۔

بزم دوستاں کے زیر اہتمام عید ملن مزاحیہ مشاعرہ کا انعقاد

تلاوت ونعت کے بعد بزم دوستاں کے روح رواں ڈاکٹر مسعود اقبال ساجد نے بزم دوستاں کے نئے علمی وادبی منصوبوں پر روشنی ڈالی



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت نیوز خاں) بزم دوستاں کے زیر اہتمام عید ملن مزاحیہ مشاعرہ، شعرا نے طنز ومزاح پر مبنی اشعار سنا کر حاضرین سے بھرپور داد وصول کی۔ تفصیلات کے مطابق ولی ہسپتال میں پروفیسر یوس حسن کی زیر صدارت مشاعرے کا آغاز ہوا۔ نظامت کے فرائض غلام حسنین مظہری نے ادا کیے۔ تلاوت ونعت کے بعد بزم دوستاں کے روح رواں ڈاکٹر مسعود اقبال ساجد نے بزم دوستاں کے نئے علمی وادبی منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں غلام غوث بھٹی، شوکت علی زاہد، اشفاق ناصر، قمر اقبال انجم، عبدالرزاق محسن، سلیم آفتاب سلیم، ڈاکٹر محمد لطیف اشعر اور ڈاکٹر مسعود اقبال ساجد نے اپنے کلام پیش کیے۔ مرزا طیب بیگ نے مزاحیہ افسانہ سنا کر داد وصول کی۔ دوران محفل غلام حسنین مظہری نے ادبی لطیفوں سے محفل کو کشت زعفران بنائے رکھا۔ پروفیسر یونس حسن نے اپنے صدارتی خطبے میں بزم دوستاں کی کاوش کو سراہا اور ایسی محافل کے تسلسل کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ اس پر آشوب دور میں غمے غمانے کے کچھ لمحے میسر آسکیں۔ مشاعرے میں جہانگیر چوہڑہ (ڈی پی ایس)، عارف ثاقب، جاوید اقبال عابد، غلام رسول، لیاقت علی، سرفراز احمد، شفیق سالک، مہر عتیق اور دیگر نے شرکت کی۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا آغاز

مختلف خلاف ورزیوں پر 271 ڈرائیورز کو چالان کیے گئے، 9 کم عمر ڈرائیور بھی پکڑے گئے



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر کی ہدایت پر ٹریفک پولیس نے صرف 6 گھنٹوں کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی مختلف خلاف ورزیوں پر 271 ڈرائیورز کو چالان کیے گئے، جن میں 112 افراد کو ون وے کی خلاف ورزی پر، 23 کو لین اور لائن کی خلاف ورزی پر، 5 ڈرائیوروں کو کالے شیشے (ٹینٹڈ گلاس) استعمال کرنے پر، 18 گاڑیوں کو بغیر رجسٹریشن کے چلانے پر، 13 ڈرائیورز کو بغیر لائسنس کے گاڑی چلانے پر، 4 افراد کو غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ مزید برآں، 15 موٹر سائیکل سواروں کو بغیر ہیلمٹ کے سفر کرنے پر، 4 افراد کو روٹ پرمٹ نہ ہونے پر اور 4 افراد کو گاڑیوں میں زیادہ مسافروں کو بٹھانے پر کارروائی کا سامنا کرنا پڑا۔ 35 دیگر خلاف ورزیوں پر چالان کیے گئے، جن میں 2 شخص کو سیٹ بیلٹ نہ باندھنے، 3 کو موبائل فون استعمال کرنے، 1 کو پیچھے بیٹھے مسافر کے بغیر ہیلمٹ اور 9 کم عمر ڈرائیوروں کو پکڑا گیا۔

عمر بٹ کیجانب سے گلف مارکیٹ ممبران کے اعزاز میں عید ملن پارٹی

گلف مارکیٹ ممبران نے بطور صدر انجمن تاجراں محمد عمر بٹ کو نامزد کر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معروف کاروباری شخصیت محمد عمر بٹ کیجانب سے گلف مارکیٹ کے معزز احباب کے اعزاز میں عید ملن پارٹی کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ شرکاء نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ محمد عمر بٹ ایک وضعدار و مجتوں کے سفیر بھائی ہیں جن کا دسترخوان بھی ان کے دل کی طرح وسیع ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ آج گلف مارکیٹ کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے تمام مالکان احباب یہاں موجود ہیں۔ ہم سب ایک دوسرے کے خوشی غمی کے ساتھی اور ساجھے دار ہیں۔ جب جب ہم میں سے کسی کو بھی کسی قسم کے مسائل درپیش ہوئے محمد عمر بٹ نے ہمارا ساتھ دیا۔ استاد سلیم ومرزا صاحب وشرکاء نے کہا کہ ہم اس موقع پر ہمارے دیرینہ ساتھی و دوست خواجہ عامر جاوید کے مشکور ہیں کہ جب کبھی گلف مارکیٹ کی تاجر برادری کو جب کبھی بھی کسی معاملے میں دشواری درپیش ہوئی انہوں نے محمد عمر بٹ کے ہمراہ معاملہ فہمی کیساتھ ہمارا ساتھ دیتے ہوئے معاملات کے حل میں ہماری بھرپور معاونت و رہنمائی کی۔ گلف مارکیٹ کے معزز کاروباری افراد نے کہا کہ ہم محمد عمر بٹ کو اپنا صدر و رہنما تسلیم کرتے ہیں جس کیلئے بہت جلد آئندہ میٹنگ کے انعقاد میں لائحہ عمل تیار کیا جائیگا۔

چھانگا مانگا فاریسٹ پارک میں جاری عید میلہ اختتام پذیر

اڑھائی لاکھ سیاحوں نے پارک، مہتابی جھیل اور چڑیا گھر کی سیر کی

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا فاریسٹ پارک میں جاری عید میلہ اختتام پذیر، اڑھائی لاکھ سیاحوں نے پارک، مہتابی جھیل اور چڑیا گھر کی سیر کی، تفصیلات کے مطابق عید الفطر کے موقع پر فارسٹ پارک چھانگا مانگا میں سیاحوں نے عید، ٹرو اور مرو سے لے کر اتوار تک سیاحوں کا مسلسل تانتا بندھا رہا، موسم خوشگوار اور معتدل ہونے کی وجہ سے سیر بینوں نے گزشتہ سالوں سے بہت زیادہ جنگل کا رخ کیا، اس موقع پر محکمہ جنگلات نے خصوصی ٹرام گاڑیاں چلا رکھی تھیں جو سیر بینوں کو چھانگا مانگا ٹرام اسٹیشن سے لے کر پارک میں لے جانے اور جنگل کی سیر کروانے میں مصروف رہیں، ٹرام وے یونٹ کے انچارج رانا محمد جمیل، آراد، سہیل ظفر ایس ڈی ایف او اور پارک انچارج عابد ہارون سارا دن اپنے عملہ کے ہمراہ پارک میں موجود رہے، سیاحوں نے پارک میں مختلف ٹولیوں کی شکل میں آتے رہے، شہری سیاح انگلش اور اردو گانوں پر ڈانس کرتے رہے، جبکہ دیہاتی سیاح پنجابی اور سرائیکی گیت گانوں پر بھنگڑا اور لڈی ڈالتے رہے، مینار پاکستان کے ماڈل کے ساتھ اور تاج محل میں تصویر کھنچی کرتے رہے، سیاحوں نے مہتابی جھیل میں خوب کشتی رانی کی، منچلے جھولا پل پر اٹھکیلیاں کرتے رہے، پل پر جب خواتین گزرتی تو پل کو ہلا دیتے جس سے اس قدر بلند آواز میں خوشی کی چیخ و پکار ہوتی کہ کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی، ٹرو اور مرو کے روز تو پارک میں تل دھرنے کی جگہ نہ تھی، پارک میں کیفٹ ٹریا پر مختلف سٹالز لگے ہوئے تھے۔ جہاں سے سیاح باآسانی اشیاء خورد ونوش خریدتے رہے۔ پارک میں واقع وسیع جامع مسجد الفیصل میں سیاح نمازیں اور جمعۃ المبارک خطیب علامہ ارشد جاوید مصطفائی کی اقتداء میں ادا کرتے رہے۔ سیاحوں نے جھولوں، گھوڑوں پر بھی سواری کرتے رہے اور نہر میں نہاتے رہے۔ وائلڈ لائف کے چڑیا گھر میں سیاحوں کا خاصا رش تھا۔

اوکاڑہ کے نواح میں اوباشوں نے تین لڑکیوں کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباشوں نے تین لڑکیوں کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا، تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ جرہ شاہ مقیم کی رہائشی سدرہ بی بی زوجہ اظہر علی نے تھانہ صدر گوگیرہ میں مقدمہ درج کروایا کہ 14 سالہ مبین فاطمہ دختر ساجد علی اور 15 سالہ عروہ دختر احمد رضا کام کرتی تھیں اوباش محمد رامیش ولد شوکت علی نے 14 سالہ مبین فاطمہ اور علی رضا نے عروہ کو گن پوائنٹ پر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا جبکہ محلہ بستی بابا فضل شاہ رینالہ خورد کی رہائشی حرا بی بی بیوہ فلک شیر کی 15 سالہ بیٹی شکیلہ کو نوکری دلانے کا جھانسی دیکر محمد آصف ولد انور اپنے نامعلوم ساتھی کے ہمراہ ساتھ لے گئے ہے، جہاں 14 سالہ مبین فاطمہ دختر ساجد علی اور 15 سالہ عروہ دختر احمد رضا کام کرتی تھیں اوباش محمد رامیش ولد شوکت علی نے 14 سالہ مبین فاطمہ اور علی رضا نے عروہ کو گن پوائنٹ پر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا جبکہ محلہ بستی بابا فضل شاہ رینالہ خورد کی رہائشی حرا بی بی بیوہ فلک شیر کی 15 سالہ بیٹی شکیلہ کو نوکری دلانے کا جھانسی دیکر محمد آصف ولد انور اپنے نامعلوم ساتھی کے ہمراہ ساتھ لے گئے



جرم وسزا

CRIME & COURT

قانون شکن عناصر کی سرکوبی کیلئے کوشاں ہیں۔ ڈی ایس پی محمد خلیل ملک

ڈی پی او فیصل شہزاد کی کمانڈ میں سیالکوٹ پولیس کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیف سیٹی کلوز سرکٹ سے ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ محفوظ شہر بن چکا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی کمانڈ میں سیالکوٹ پولیس کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہو کر اہداف کامیابی سے حاصل کر رہی ہے۔ مختلف جرائم کو لے کر قانون شکن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن سے ضلع سیالکوٹ میں کرائم ریٹ کنٹرول ہوا ہے بلکہ سیالکوٹ پولیس کی متعدی کیساتھ کامیاب کاروائیوں کی بدولت جرائم کی شرح کافی حد تک کم ہوئی ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد خلیل ملک نے سینئر میڈیا نمائندگان سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی سیالکوٹ میں قانون پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے قانون شکنوں کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں قانون شکنی سے اجتناب برتیں اور زمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں سیالکوٹ پولیس اپنے شہریوں کے جان ومال کی محافظ ہے۔

نئے ترقی پانے والے پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب

ڈی پی او نے افسران کو مبارکباد دی اور انکے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈی پی او آفس سیالکوٹ میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے سب انسپکٹر، ہیڈ کانسٹیبل سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور کانسٹیبل سے ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی پانے والے 37 افسران کے اعزاز میں ایک پروقار، سادہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈی پی او فیصل شہزاد نے ترقی یاب ہونے والے افسران کے فیملی ممبران کے ہمراہ انہیں نئے عہدے کے رینک لگائے۔ ڈی پی او نے افسران کو مبارکباد دی اور انکے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ پولیس سروس میں محکمانہ پروموشن درحقیقت ذمہ داریوں میں اضافے کی عکاسی کرتا ہے لہٰذا پروموٹ ہونے والے افسران قانون کے یکساں نفاذ، میرٹ کی پاسداری اور بہترین سروس ڈلیوری سے شہریوں کی خدمت اور تحفظ کو شعار بنائیں۔

تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں باپ بیٹوں پر جھوٹی ایف آئی آر فیک کہانی بنا کر حوالات میں بند کر دیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں باپ بیٹوں پر جھوٹی ایف آئی آر فیک کہانی بنا کر حوالات میں بند کر دیا باپ بیٹوں نے آج تک مزدوری کر کے اپنا گھر چلایا ہے کاروباری فیملی پر بلکل جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج مگر جرائم کوئی اور کرتا ہے مقدمہ کسی اور پر دے دیا جاتا ہے فائرنگ کسی پولیس والے کے بیٹے نے کی پکڑا شریف شہریوں کو گیا انصاف کہاں گیا موقعہ سے کوئی چیز بھی برآمد نہیں ہوئی پورے گھر کی تلاشی بھی لی گئی گھر سے ہی باپ بیٹوں کو پکڑ کر لا اہل خانہ نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز صاحبہ کو انصاف کی اپیل کی ہے بے گناہ باپ بیٹوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے انصاف کہاں گیا کرے کوئی بھرے کوئی۔

تھانہ سٹی پھولنگر کے علاقہ جدہ ٹاؤن کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ انتہائی خطرناک 2 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

پھولنگر (نامہ نگار) تھانہ سٹی پھولنگر کے علاقہ جدہ ٹاؤن کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ انتہائی خطرناک 2 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، 1 ساتھی فرار ملزمان درجن سے زائد کیسز، راہزنی اور دیگر سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی علاقہ تھانہ سٹی پھولنگر کی حدود جدہ ٹاؤن کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ ہوا جہاں پولیس حکام کے مطابق 3 ڈاکو شہری علی رضا سے واردات کر کے فرار ہو رہے تھے پولیس نے کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کر دی ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے 02 ڈاکو زخمی ہو گئے جن کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا گیا فرار ہونیوالے ملزم کی گرفتاری کیلئے ٹیم تشکیل دے دی ہے۔

منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے 04 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے رائفل 223 بور، رائفل سیون ایم ایم، کلاشنکوف، پسٹل اور درجنوں گولیاں برآمد

منشیات فروشوں کے قبضہ سے 1180 گرام ہیروئن اور 1660 گرام چرس برآمد

منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی



گوجرانولہ (ظفر اقبال/نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کے احکامات کے پیش نظر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی پیپلز کالونی نیاز خان کی زیر نگرانی، ایس ایچ او تھانہ صدر گوگوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 1180 گرام ہیروئن، 1660 گرام چرس، رائفل 223 بور، رائفل سیون ایم ایم، کلاشنکوف پسٹل، درجنوں گولیاں برآمد۔ گرفتار ملزمان میں محمد عدنان محمد عمران، محمد لیاقت اور محمد غلام مصطفی شامل ہیں۔ سماجی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ منشیات فروش ناجائز اسلحہ اور پتنگ فروش سمیت متعدد ملزمان حراست میں لے کر قانونی کاروائی کا آغاز تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نارنگ منڈی انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے نواحی گاؤں مانا نوالہ کے قریب امجد سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس سمیت مختلف علاقوں میں ناجائز اسلحہ اور پتنگیں برآمد ہونے پر متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لئے ہیں ایس ایچ او انسپکٹر ظہیر عالم شاہ کا کہنا تھا کہ پولیس جرائم کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے جرائم میں کمی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پولیس بہترین کام کر رہی ہے جرائم فری نارنگ میری اولین ترجیح ہے جس پر تیزی سے کام جاری ہے۔

پتوکی چور کسان کا سولر انورٹر لے اڑے، مقدمہ درج

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی چور کسان کا سولر انورٹر لے اڑے، مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی علاقے تھانہ سرائے مغل کی حدود ہنجرائے کلاں سے چور زمیندار کے ٹیوب ویل کی دیوار میں سوراخ کر کے قیمتی سولر انورٹر لے اڑے پولیس نے زمیندار رفاقت علی بھٹی کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا۔

حافظ آباد میں پولیس نے پی ٹی آئی کے کارکنوں کے خلاف کریک ڈاؤن

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں پولیس نے پی ٹی آئی کے کارکنوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران پی ٹی آئی پنجاب کے صوبائی سینئر نائب صدر رائے جاوید اقبال کو انکے ڈیرہ سے گرفتار کر لیا۔ جبکہ پولیس کی جانب سے ضلع کے مختلف علاقوں میں رات بھر چھاپوں کا سلسلہ جاری رہا۔ معلوم ہوا ہے کہ عمران خان کی ہمشیرہ نے آج اڈیالہ جیل کے باہر دھرنے کی کال دے رکھی ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کے متعدد کارکنان کریک ڈاؤن کی وجہ سے روپوش ہو گئے۔

فیصل آباد: تھانہ باہلک واں موچیاں کے علاقہ میں فائرنگ، تہرے قتل کا لرزہ خیز واقعہ

فائرنگ کے نتیجے میں دو مرد، عباس اور مزمل، جبکہ ایک خاتون، ظہراں بی بی موقع پر جاں بحق ہو گئے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد کے نواحی علاقہ تھانہ باہلک واں موچیاں میں نامعلوم افراد کی اندھا دھند فائرنگ سے تہرے قتل کا اندوہناک واقعہ پیش آیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں دو مرد، عباس اور مزمل، جبکہ ایک خاتون، ظہراں بی بی موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس پی صدر، ڈی ایس پی تاندلیانوالہ اور انویسٹی گیشن ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس ترجمان کے مطابق جائے وقوعہ کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر نے واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر سے فوری رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ذیشان اصغر نے ہدایت کی ہے کہ سینئر افسران جائے وقوعہ کا دورہ کریں، شواہد PFSA (پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی) کی مدد سے اکٹھے کیے جائیں اور تفتیش کے عمل کو ترجیحی بنیادوں پر تیز کیا جائے۔ آر پی او نے مزید ہدایت کی کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے سپیشل ٹیمز تشکیل دی جائیں اور واقعہ کی ہر پہلو سے تفتیش کرتے ہوئے مجرمان کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ لواحقین کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا پولیس کی اولین

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک جذبے کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے مواد کی تحقیق کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نمبر 1 اتہار کر رہا ہے، تم کو اندازہ بھی نہیں ہوتا ہو میں نے، بکھرنا اور نہ اندازہ تم کو ہوا ہے ادارے سے ہو بات دیتے ہوئے کہا ہے کہ تخلیقی اداروں کے اردگرد کی حدود میں سگریٹ کی فروخت کے ہوتے ہیں کاروائی کرنے ہیں۔ تم کو خوشی کی تمام اقسام ادارے ایک اعلان جاری کیا ہے کہ ایک ریسٹورنٹ کے مالک پر بھی جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس کم سے کم ایک ریسٹورنٹ کے مالک پر ۲۵ ہزار روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایک مقامات پر تمباکو نوشی جرم ہے، ہر پبلک مقامات پر تمباکو نوشی پر ۲۵ ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مقامات پر تمباکو نوشی ایک کاغذ تک نہ ڈالا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ریسٹورنٹ کے مالک پر ۲۵ ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس کم سے کم

روزنامہ ''قوت'' لاہور (8) منگل 8 اپریل 2025ء

ہر پبلک مقام، دفاتر، کالجز، ٹرانسپورٹ وغیرہ میں انسدادِ تمباکو نوشی ایکٹ کا سختی سے نفاذ ناگزیر ہے، مشنر لاہور

کم عمر افراد (بچوں) کو سگریٹ و سگریٹ کی دیگر اقسام کی فروخت روکنے کیلئے انتہائی خطرناک ہے، اس کا تدارک ناگزیر ہے

انسدادِ تمباکو نوشی مانیٹرنگ کیلئے لاہور ڈویژن کے تمام اضلاع کے تعلیمی اداروں سے فوکل پرسنز نامزد کیے جائیں، سخت کارروائی کریں، کمشنر لاہور کی ہدایت

کوآرڈینیشن برائے ٹوبیکو کنٹرول کونسل افسران نے ضلعی انتظامیہ، ایجوکیشن و دیگر محکموں کے افسران نے انسدادِ تمباکو نوشی سرگرمیوں بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے تمام اسکول، کالجز، ہاسٹلز سمیت تمام سرکاری و نجی دفاتر، عوامی مقامات، ہوٹلز، ریستوران، ہوائی اڈوں اور ریلوے اسٹیشنز پر تمباکو نوشی کی ممانعت ہے

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن محمد عاصم جاوید خان نے کہا ہے کہ انسدادِ تمباکو نوشی ایک انسانی حقوق کا معاملہ ہے، امت مسلمہ کے حکمرانوں کا مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ ایک انسانی حقوق کا معاملہ ہے، اس کا تدارک ناگزیر ہے

حکمرانوں کو سمجھنا ہوگا کہ فلسطین کا مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ ایک انسانی حقوق کا معاملہ ہے، امت مسلمہ کے حکمرانوں کے پاس افواج، اسلحہ سب کچھ ہے لیکن غیرت وحمیت موجود نہیں ہے

انسدادِ تمباکو نوشی کے تمام اضلاع کے تعلیمی اداروں میں انسدادِ تمباکو نوشی مانیٹرنگ کیلئے فوکل پرسنز نامزد کیے جائیں، سخت کارروائی کریں، کمشنر لاہور کی ہدایت

لاہور ڈویژن کے تمام اضلاع کے تعلیمی اداروں میں انسدادِ تمباکو نوشی کے قوانین کا سختی سے نفاذ یقینی بنایا جائے، ضلعی انتظامیہ، ایجوکیشن و دیگر محکموں کے افسران نے انسدادِ تمباکو نوشی سرگرمیوں بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے تمام اسکول، کالجز، ہاسٹلز سمیت تمام سرکاری و نجی دفاتر، عوامی مقامات، ہوٹلز، ریستوران، ہوائی اڈوں اور ریلوے اسٹیشنز پر تمباکو نوشی کی ممانعت ہے

پریس کانفرنس میں ڈائریکٹر جنرل کمشنر آفس عمران خان، ڈائریکٹر ہیلتھ ایجوکیشن ڈاکٹر عمیر اسلم، ڈائریکٹر ہیلتھ پروموشن ڈاکٹر عائشہ ریاض، ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر عائشہ رفیق